ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
روزنامہ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: عمر خیام
جلد03 | پیر16 ستمبر 2024ء، 11 ربیع الاول 1446ھ، 3 اسوج 2081 | صفحات04/ قیمت20روپے | شمارہ نمبر144

آزاد کشمیر میں سرکاری شعبے کی 5 جامعات کو درپیش مالی بحران سے نکالنے کے لئے خصوصی اقدامات کا فیصلہ

اعلی سطحی کمیٹی یونیورسٹیوں کو درپیش مالیاتی خسارے کی رپورٹ تیار کرے گی، حکومت آزاد کشمیر مسائل کو حل کرنے کے حوالہ سے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی اور یونیورسٹیز کو مالی معاونت بھی فراہم کی جائے گی

آزاد کشمیر پرامن خطہ ہے اور سرمایہ کاری کے لئے بہترین جگہ ہے جہاں پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت سرمایہ کرنے والوں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں گے، وزیراعظم آزاد کشمیر

اسلام آباد(صباح نیوز) آزاد کشمیر میں سرکاری شعبے کی 5یونیورسٹیوں کو مالی بحران سے نکالنے کے لیے حکومت آزاد کشمیر خصوصی اقدامات کرے گی۔ اعلی سطحی کمیٹی یونیورسٹیوں کو درپیش مالیاتی خسارے کی رپورٹ تیار کرے گی۔ وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر چوہدری انوارالحق نے اتوار کو ایک اجلاس میں جامعات کے وائس چانسلرز کو یقین دلایا کہ ان کے اداروں کو درپیش مالی خسارے سے عہدہ برآ ہونے میں حکومت آزاد کشمیر اپنا (بقیہ 35صفحہ 03 پر)

اسلام آباد(پی آئی ڈی)وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر چوہدری انوارالحق سے چائنہ پاکستان کامرس الائنس انٹرنیشنل کے نائب صدر بلال جنجوعہ کی قیادت میں چائنیز سرمایہ کاروں کے وفد نے جموں وکشمیر ہاؤس میں ملاقات کی۔ اس موقع پر وزیر حکومت محترمہ امتیاز نسیم (بقیہ 36صفحہ 03 پر)

اسلام آباد:۔ وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوارالحق سے نائب صدر چائنہ پاکستان کامرس الائنس انٹرنیشنل بلال جنجوعہ کی قیادت میں چائنیز کمپنیز کا وفد ملاقات کر رہا ہے، وزیر حکومت امتیاز نسیم، نثار انصر ابدالی اور چیف سیکرٹری داؤد محمد بڑیچ بھی اس موقع پر موجود ہیں۔

اسرائیلی بمباری سے خاتون اور بچوں سمیت 10 مزید فلسطینی شہید

24 گھنٹوں کے دوران اسرائیلی حملوں میں 19 فلسطینی شہید، اسرائیلی جارحیت کا سلسلہ تیزی سے جاری

ڈبلیو ایچ او، یونیسیف، انروا، نے انسداد پولیو مہم کا پہلا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد جنگ بندی کے ایک اور مرحلے کا مطالبہ

غزہ(صباح نیوز) غزہ پٹی میں اسرائیلی بمباری سے خاتون اور بچوں سمیت 10 فلسطینی شہید ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران اسرائیلی حملوں میں اب تک 19 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی جارحیت کا سلسلہ بدستور جاری ہے اور نہتے فلسطینیوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ جبکہ بین الاقوامی اداروں کا جنگ بندی مطالبہ بھی نہیں سنا جارہا ہے۔ اقوام متحدہ کے اداروں، ڈبلیو ایچ او، یونیسیف، انروا، نے انسداد پولیو مہم کا (بقیہ 20صفحہ 03 پر)

صدر و وزیراعظم آزاد جموں کشمیر کی کشمیر ہاؤس میں ملاقات

مقبوضہ جموں کشمیر میں جاری بھارتی فسطائیت کو دنیا بھر میں اجاگر کرنے کا عزم

اسلام آباد(دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے وزیر اعظم آزاد جموں وکشمیر چوہدری انوارالحق کی ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں تفصیلی ملاقات۔ اس موقع پر صدر ریاست آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور وزیر اعظم آزاد جموں وکشمیر چوہدری انوارالحق نے مقبوضہ جموں وکشمیر میں جاری بھارتی مظالم اور وہاں کی سنگین صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا اور عالمی برادری سے اس پر نوٹس لینے کا مطالبہ بھی کیا اور اس امر کا اعادہ کیا کہ حکومت آزاد کشمیر تحریک آزادی کشمیر (بقیہ 34صفحہ 03 پر)

صدر وزیراعظم کا جمہوریت قانون کی حکمرانی کیلئے پختہ عزم کا اعادہ

جمہوریت کو مستحکم کرنے، جمہوری اداروں کو مضبوط، ضروری اصلاحات اور اجتماعی طور پر کام کرنے کی ضرورت پر زور

جمہوریت کے عالمی دن پر چیرمین سینٹ، سپیکر قومی اسمبلی، وزیر منصوبہ بندی، وزیر اطلاعات کے خصوصی بیانات

اسلام آباد(صباح نیوز) صدر اور وزیراعظم، چیرمین سینٹ، سپیکر قومی اسمبلی، وفاقی وزیر منصوبہ بندی، وزیر اطلاعات نے جمہوریت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغامات میں آئین، جمہوریت اور قانون کی حکمرانی کے لیے پختہ اور غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا ہے۔ جمہوریت کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغامات میں انہوں نے پاکستان میں جمہوریت کو مستحکم کرنے کے لیے جمہوری اداروں کو مضبوط کرنے، ضروری اصلاحات کرنے(بقیہ 37صفحہ 03 پر)

اسلام آباد:۔ ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں صدر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور وزیر اعظم چوہدری انوارالحق ملاقات کر رہے ہیں۔

آئی پی پیز کا کپیسٹی چارجز نرخوں میں کمی سے انکار

زبردستی کرنے پر عالمی ثالثی عدالت سے رجوع کرنے کی دھمکی، حکومت پہلے اپنے 52 فی صد پاور ہاؤسز نرخوں میں کمی کرے اور بجلی بلوں پر ناجائز 38 فیصد ٹیکسز فوری طور پر واپس لے

دنیا بھر میں ایف بی آر اپنے ٹیکس خود اکٹھا کرتا ہے لیکن یہاں ایف بی آر نا اہل ہے تو اس کی سزا ٹیکس گزار کے بجلی بلوں پر کیوں عائد ہے؟، ٹیکس ختم کرے، پاور پلانٹس سے بجلی سستی کر کے مذاکرات کیئے جائیں، ذرائع

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسرز (آئی پی پیز) کمپنیوں نے کیپسٹی چارجز سمیت نرخوں میں کمی کرنے سے انکار کرتے ہوئے زبردستی کرنے پر عالمی ثالثی عدالت سے رجوع کرنے کی دھمکی دے دی۔ ایک رپورٹ کے مطابق ذرائع پاکستان الیکٹرک پاور کمپنی (پیپکو) نے بتایا کہ آئی پی پیز مالکان نے حکومت کو آگاہ کر دیا کہ معاہدوں سے چھیڑ چھاڑ مہنگی پڑے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پہلے اپنے 52فی صد پاور ہاؤسز نرخوں میں کمی کرے اور بجلی بلوں پر ناجائز 38 فیصد ٹیکسز واپس لے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مالکان نے موقف اپنایا کہ دنیا بھر میں ایف بی آر اپنے ٹیکس خود اکٹھا کرتا ہے لیکن یہاں ایف بی آر نا اہل ہے تو اس کی سزا ٹیکس گزار کے بجلی بلوں پر کیوں عائد ہے؟ ذرائع کے مطابق حکومت ٹیکس ختم کرے اور اپنے(بقیہ 33صفحہ 03 پر)

خیبر پختونخواہ کے ضلع دیامر میں 40 سے زائد گھر جل کر خاکستر

لکڑی کے 40 سے زیادہ گھر جل کر تباہ ہو گئے، جمعے کو لگنے والی آگ کی وجہ تاحال وجوہات معلوم نہیں ہو سکی

سینکڑوں رہائشی آگ میں اپنا تمام سامان ضائع ہونے کے بعد کھلے آسمان تلے رات گزارنے پر مجبور، تحقیقات کا حکم

خیبر پختونخواہ(مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع دیامر کے تیات گاؤں کے قریب مالدہ کس گاؤں میں خوفناک آگ لگنے کے باعث لکڑی کے 40 سے زیادہ گھر جل کر تباہ ہو گئے۔ ایک رپورٹ کے مطابق جمعے کو لگنے والی آگ کی وجہ تاحال معلوم نہیں ہو سکی، وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان حاجی گلبر خان نے واقعے کی تحقیقات کا حکم دے دیا، فوری طور پر کسی انسانی جانی نقصان کی اطلاع بھی نہیں موصول ہوئی تاہم سینکڑوں رہائشی آگ میں اپنا (بقیہ 38صفحہ 03 پر)

مرکزی سیرت کمیٹی کے زیر اہتمام جشن عید میلادالنبی ﷺ ریلی کے اختتام پر منعقدہ تقریب سے مقررین خطاب کر رہے ہیں۔

امریکہ اسرائیل کی بڑی کھیپ جنگی سازوسامان کی فراہم کریگا

20 بلین ڈالر سے زائد مالیت کے طیارے اور دیگر ہتھیاروں کی فراہمی کی تیاریاں

غزہ(صباح نیوز) اسرائیل اور فلسطین کے درمیان حالیہ جنگ کے آغاز کے بعد، امریکی فوج نے اسرائیل کو میزائل، بم اور دیگر ہتھیاروں پر مشتمل کئی ارب ڈالر کے ہتھیاروں کے پیکج کا اعلان کیا ہے۔ امریکی فوج جنوبی اسرائیل) مقبوضہ فلسطین (میں ایک فوجی اڈے پر نئی تعمیرات اور موجودہ تنصیبات کی جدید کاری پر بھی کام کر رہی ہے۔ امریکہ نے اسرائیل کو 20 بلین ڈالر سے زائد (بقیہ 21صفحہ 03 پر)

ایران ملکی سطح پر تیار تحقیقی سیٹلائٹ

کامیابی سے خلا کے مدار میں پہنچ گیا

تہران(صباح نیوز)ایران ملکی سطح پر تیار تحقیقی سیٹلائٹ کامیابی سے خلا کے مدار میں پہنچ گیا، سیٹلائٹ کے سگنلز بھی موصول ہونا شروع ہو گئے۔ ایران کے سرکاری خبر رساں ادارے "ارنا" کے مطابق 60 کلو گرام وزنی "چمران ون" (بقیہ 22صفحہ 03 پر)

سرینگر، نام نہاد اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے سے قبل پکڑ دھکڑ

ضلع پونچھ کے مینڈھر علاقے کو گھیرے میں لے لیا گیا، سرچ آپریشن شروع

سری نگر(کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں نام نہاد اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے سے قبل کشمیریوں کی پکڑ دھکڑ کا سلسلہ جاری ہے، اتوار کو بھارتی فوج نے سرحدی ضلع پونچھ کے مینڈھر علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق اسمبلی انتخابات سے قبل جموں وکشمیر میں فورسز کا آپریشن جاری ہے۔ اس کارروائی کے بعد علاقے میں خوف وہراس(بقیہ 32صفحہ 03 پر)

اسلام آباد:۔ وزیر اعظم چوہدری انوارالحق ریاستی جامعات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرکاری ملازمین کو ریٹائرمنٹ پر پنشن کا بوجھ چین کے لیے بھی پریشان کن

مسئلے سے نمٹنے کیلئے ایک نئی پالیسی کے تحت اب چینی مرد 63 اور عورتیں 58 سال کی عمر میں ریٹائرڈ ہوں گی

بلیو کالر ملازمت کرنیوالی خواتین کیلئے ریٹائرمنٹ کی موجودہ عمر 50 سال جبکہ وائٹ کالر جاب کرنیوالوں کی 55 سال ہے

بیجنگ(صباح نیوز) سرکاری ملازمین کو ریٹائرمنٹ پر پنشن کا بوجھ چین کی حکومت کے لیے بھی پریشان کن ہے اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے چین میں مردوں کی ریٹائرمنٹ کی عمر 60 سے بڑھا کر 63 کر دی گئی ہے۔ جبکہ خواتین کی ریٹائرمنٹ کی عمر 50 سے بڑھا کر 55 اور 58 کر دی ہے۔ بلیو کالر ملازمت کرنے والی خواتین کے لیے ریٹائرمنٹ کی موجودہ عمر 50 سال جبکہ وائٹ کالر جاب کرتے والوں کی 55 سال ہے(بقیہ 23صفحہ 03 پر)

مظفرآباد:۔ مہاجرین جموں کشمیر کے اہم اجلاس کے بعد امیر مہاجرین عزیز احمد غزالی کے ہمراہ دیگر کا گروپ فوٹو۔

ملکی ترقی خوشحالی کیلئے جمہوریت ناگزیر ہے، مریم نواز شریف

جمہوری اقدار کی پاسداری کرتے ہوئے پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا

لاہور(صباح نیوز) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے جمہوریت ناگزیر ہے۔ عالمی یوم جمہوریت پر اپنے پیغام میں مریم نواز کا کہنا تھا کہ جمہوریت زندہ باد، پاکستان پائندہ آباد، جمہوریت کے تحفظ کیلئے محمد نواز شریف سمیت تمام جمہور پسند رہنماں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں، مسلم لیگ ن نے ہی جمہوری اقدار کی پاسداری (بقیہ 31صفحہ 03 پر)

GRADUATI
T. BOYS P

باغ:۔ کور کمانڈر گوجرانوالہ لفٹیننٹ جنرل سید امداد حسین کو یاسر عرفات شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد ناگزیر ہے، وزیر بحالیات

جموں کشمیر کا مسئلہ زمین کے مخصوص ٹکڑے کا ہی نہیں بلکہ ڈیڑھ کروڑ انسانوں کے مستقبل اور آزادی کا سنگین مسئلہ ہے

افواج پاکستان، حریت قیادت اور کشمیری عوام نے آزادی کی خاطر بے شمار قربانیاں دی ہیں، جاوید اقبال بڈھانوی کا خطاب

لندن (پی آئی ڈی) آزاد کشمیر کے وزیر بحالیات جاوید اقبال بڈھانوی نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کا مسئلہ زمین کے ٹکڑے کا نہیں بلکہ ڈیڑھ کروڑ انسانوں کے مستقبل اور آزادی کا مسئلہ ہے۔ کشمیر کا واحد حل اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد ہے۔ 5 اگست 2019 کے اقدام کے بعد بھارت نے کشمیریوں کو مشکل میں ڈال دیا ہے افواج پاکستان، حریت قیادت اور کشمیری عوام نے آزادی کی خاطر بے شمار قربانیاں دی ہیں ل۔ کشمیریوں کو ایک(بقیہ 39صفحہ 03 پر)

ایس سی او سربراہی اجلاس کیلئے جناح کنونشن سینٹر کی تزئین و آرائش

کنونشن سینٹر کو مکمل طور پر سمارٹ بلڈنگ میں تبدیل کیا جائے گا، چیرمین سی ڈی اے

اسلام آباد(صباح نیوز) شنگھائی تعاون تنظیم کا سربراہی اجلاس اکتوبر میں اسلام آباد کے جناح کنونشن سینٹر میں ہوگا سربراہی اجلاس سے قبل وفاقی حکومت اور کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی) سی ڈی اے (تیاریوں میں مصروف ہیں، جس میں اسلام آباد کی تزئین و آرائش بھی شامل ہے۔ سی(بقیہ 24صفحہ 03 پر)

بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کو ہندو انتہا پسندوں کی دھمکیاں

نئی دہلی(صباح نیوز) ہندو انتہا پسندوں نے بھارت کے دورے پر آنے والی بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کو دھمکیاں دینا شروع کر دی (بقیہ 25صفحہ 03 پر)

تنویر الیاس نے راولاکوٹ میں تاریخ ساز جلسہ کیا، عدنان خالد

ہم ہیں پاکستان جلسہ کر کے کشمیریوں کی پاکستان کے ساتھ وابستگی کا ثبوت دیا

پانیولہ (نامہ نگار) ممبر آزاد جموں وکشمیر کونسل سردار عدنان خالد نے کہا ہے کہ سابق وزیر اعظم سردار تنویر الیاس خان نے موجودہ صورتحال کے تناظر میں پونچھ ڈویژن کے صدر مقام راولاکوٹ میں چودہ اگست کو تاریخ ساز ہم ہیں پاکستان جلسہ کر کے کشمیریوں کی پاکستان کے ساتھ وابستگی کا ثبوت دیا جو بلاشبہ ایک عظیم کارنامہ ہے جس جرات بہادری اور ثابت قدمی سے اتنا تاریخی جلسہ کیا گیا (بقیہ 41صفحہ 03 پر)

حکومتی وفد کی سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان سے ملاقات

اسلام آباد(صباح نیوز) حکومتی وفد نے سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان سے اتوار کو بھی ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ وفد میں شامل تھے۔ مجوزہ آئینی ترامیم پر بات (بقیہ 40صفحہ 03 پر)

اطلاعِ عام

تمام اہل اسلام کو
ربیع الاوّل
مبارک

جشن عید میلادالنبی
MAWLID AL NABI

12ربیع الاوّل کے موقع پر "خصوصی اشاعت" کا اہتمام کیا گیا ہے
قارئین کرام اس حوالہ سے اپنے مضامین واشتہارات
8ربیع الاوّل تک بہر صورت ارسال کردیں تاکہ مناسب جگہ دی جاسکے

منجانب
انتظامیہ روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
برائے رابطہ
0345-5078901 / 0315-5912105
0344-1522886

خیبر پختونخواہ پولیس کے افسر اہلکاروں کے سوشل میڈیا استعمال پر پابندی عائد

پابندی اور ضوابط کے حوالہ سے صوبے بھر کے ریجنل پولیس افسران اور ڈی پی اوز کو اس سلسلے میں ایک خط ارسال

سوشل میڈیا استعمال سے پولیس اہلکاروں کی زندگیوں کو بھی خطرات لاحق ہو سکتے ہیں اور ساکھ بھی متاثر ہو سکتی ہے، پالیسی بیان

پشاور(صباح نیوز) خیبر پختونخوا پولیس کے افسران اور اہلکاروں کے سوشل میڈیا استعمال پر پابندی لگا دی گئی۔ نجی ٹی وی کے مطابق صوبے بھر کے ریجنل پولیس افسران اور ڈی پی اوز کو اس سلسلے میں ایک خط ارسال کیا گیا ہے جس میں سوشل میڈیا پالیسی کے اہم نکات درج ہیں۔ پالیسی کے مطابق پولیس افسران اور اہلکاروں پر پابندی ہوگی کہ وہ اپنے سوشل میڈیا پروفائل پکچر میں باوردی فوٹو اسلحہ، پولیس بیج یا دیگر شواہد اپلوڈ نہ کریں۔(بقیہ 26صفحہ 03 پر)

صدر مسلم کانفرنس و سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان سے مسلم کانفرنس پنجاب کے صدر وحید الحق و دیگر گفتگو کر رہے ہیں۔

سابق امیدوار اسمبلی خطاب اعظم کے والد انتقال کر گئے

جنڈالی میں نماز (آج) ادا کرنے کے بعد میت کو سپرد خاک کیا جائیگا

واہ کینٹ (دھرتی نیوز) واہ کینٹ کی معروف کاروباری شخصیت ڈاکٹر سردار اشفاق اعظم اور سابق امیدوار اسمبلی سردار خطاب اعظم کے والد سردار محمد اعظم خان انتقال کر گئے، مرحوم کچھ عرصہ سے علیل تھے جو گزشتہ روز اپنے خالق حقیقی سے جا ملے کی، جن کی نماز جنازہ واہ کینٹ میں ادا کی گئی جس میں صدر پی ٹی آئی آزاد کشمیر و سابق وزیر اعظم سردار عبدالقیوم نیازی، سابق صدر و وزیر اعظم (بقیہ 30صفحہ 03 پر)

مظفرآباد، طلبہ کو فرسٹ ایڈ، فائر فائٹنگ کی 5 روزہ تربیت

اس تربیت کا مقصد کمیونٹی کو ہنگامی حالت سے نمٹنے کے لیے فعال بنانا تھا

مظفرآباد(پی آئی ڈی) محکمہ شہری دفاع اور ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کے تعاون سے طلباء و طالبات کے لیے فرسٹ ایڈ اور فائر فائٹنگ کی پانچ روزہ تربیتی ورکشاپ اختتام پذیر ہو گئی۔ تربیتی ورکشاپ میں محکمہ شہری دفاع کے شعبہ ٹریننگ کے سٹاف نے گورنمنٹ ووکیشنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سنٹر پلیٹ مظفرآباد میں زیر تعلیم طلباء و طالبات کو لائف سیونگ پروگرام کے تحت(بقیہ 29صفحہ 03 پر)

ایڈہاک و عارضی ملازمین کی 18 ستمبر اسمبلی کے سامنے احتجاج کی تیاریاں

ہمیں اللہ کی ذات پر یقین ہے کہ کوئی اس وقت تک ہمارا رزق نہیں چھین سکتا جب تک اللہ کی مدد ہمارے ساتھ ہے

حکومت نے عوام کے اعتماد کو بری طرح نقصان پہنچایا اور مودی کے مظالم سے بڑھ کر یہاں مظالم کیے جا رہے ہیں، تنقید

مظفرآباد(دھرتی نیوز) معاشی قتل کیخلاف ایڈہاک و عارضی ملازمین کا 18 ستمبر کو اسمبلی گیٹ پر کفن پوش احتجاجی دھرنا، رابطے اور تیاریاں جاری، ملازمین کا مستقلی کا نوٹیفکیشن ملنے تک گھر واپس نہ جانے کا فیصلہ کر لیا، تفصیلات کے مطابق ایڈہاک و عارضی ملازمین کا 18 ستمبر اسمبلی گیٹ کے سامنے ہوگا اس کے لیے تمام تر انتظامات مکمل کر لیے گئے ایڈہاک ملازمین کے نمائندگان کا کہنا ہے کہ معاشی قتل کیخلاف چپ نہیں رہیں گے اور ہمیں اللہ کی(بقیہ 27صفحہ 03 پر)

نائب وزیراعظم، وزیر قانون کی بلاول بھٹو سے خصوصی ملاقات

آئینی ترامیم سمیت ملک میں موجودہ سیاسی صورتحال کے حوالہ سے تبادلہ خیال

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیر اعظم سینیٹر اسحاق ڈار اور وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو سے ملاقات کی۔ حکومتی وفد نے چیئرمین پیپلز پارٹی کو مجوزہ آئینی ترمیم سے متعلق آگاہ کیا۔ ملاقات کے بعد صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے (بقیہ 28صفحہ 03 پر)

مظفرآباد:۔ الخدمت فاؤنڈیشن کفالت یتامیٰ پروگرام کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے وزیر حکومت چوہدری رشید، پروفیسر اکرام الرشید و دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں۔

روزنامہ
کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ★ ایڈیٹر: عمر خیام

اشیاء خوردنی کی فروخت اجازت نامے سے مشروط

فوڈ اتھارٹی نے اندرون آزاد کشمیر اشیائے خوردنی کے کاروبار کو اتھارٹی سے باضابطہ اجازت نامہ کے حصول سے مشروط کر دیا ہے۔ دو روز قبل سیکرٹری فوڈ اتھارٹی کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں سپریم کورٹ کی ہدایات کی روشنی میں روزمرہ کی اشیائے خورونوش بالخصوص پانی، دودھ اور گوشت کی باقاعدگی سے چیکنگ کے بارہ میں ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولرز/ فوڈ سیفٹی آفیسران کی جانب سے بریف کیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولران فوڈ سیفٹی آفیسران نے بتایا کہ غیر معیاری اشیاء خوردونوش فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیتے ہوئے ان کو جرمانے عائد کرنے کے ساتھ ساتھ غیر رجسٹرڈ اور غیر معیاری فوڈ آپرٹرز کو سیل کیا جاتا ہے اور عوام کو معیاری اشیاء کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہے ہیں۔ دودھ اور پانی کے نمونہ جات باقاعدگی کے ساتھ لیبارٹری سے چیک کروانے کے بعد Unsafe اشیاء کو نہ صرف تلف کیا جاتا ہے بلکہ غیر معیاری اشیاء کی فروخت پر پابندی عائد کی جاتی ہے۔ اس موقع پر آزاد جموں و کشمیر فوڈ اتھارٹی اور ضلعی انتظامیہ کے مابین روابط اور مربوط حکمت عملی مرتب کیے جانے پر اتفاق کیا گیا۔

کمشنر مظفر آباد ڈویژن نے اجلاس میں بتایا کہ یونٹس کو ہدایات جاری کی جا رہی ہیں کہ وہ باقاعدگی کے ساتھ اشیاء خورونوش کی پڑتال کریں اور غیر معیاری اشیاء فروخت کرنے والے فوڈ بزنس آپریٹرز کے خلاف کارروائی کے ساتھ ان پر پابندی عائد کی جائے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ غیر رجسٹرڈ، غیر معیاری اور حفظان صحت کے اصولوں کے مغائر کاروبار کرنے والے تاجران کو دس دن کے اندر اپنے کاروبار کا نیم رجسٹرڈ کرنے کا وقت دیا گیا ہے۔ کاروبار کی رجسٹریشن فوڈ اتھارٹی آزاد کشمیر سے رجسٹریشن کے بعد ہی اندرون آزاد کشمیر میں اشیاء خوردونوش کا کاروبار کرنے کی اجازت ہوگی۔ اسی طرح غیر معیاری اور غیر رجسرڈ آئل، گھی، پانی، بیکری کی اشیاء و دیگر اشیاء خوردونوش پر خصوصی توجہ دی جائے گی اور کوالٹی اور معیار کے بعد ہی آزاد کشمیر میں فروخت کی اجازت ہوگی۔ بچوں کے کھانے پینے کی اشیاء خورونوش خصوصاً پاپڑ، سلانٹیو، سنیکس، ٹافی، جوس، آئس کریم وغیرہ کی چیکنگ کے لیے انتظامیہ اور محکمہ خوراک کی چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ اجلاس میں فیصلے خوش آئند ہیں مگر ضرورت اس امر کی ہیکہ ان معاملات کو ہنگامی بنیادوں پر یقینی بنایا جائے تا کہ آزاد کشمیر بھر میں اشیاء خوردنی کے نام پر زہر کی فروخت کی روک تھام ممکن ہو سکے۔

میلاد خاتم الانبیاء ﷺ

سیّد زاہد حسین نعیمی

نحمد و نصلی علی رسول الکریم

تمہید:

اللہ تعالیٰ کی حمد و نبی کریم ﷺ کی ذات بابرکات بیشمار درود و سلام کے بعد حضرت محمد ﷺ کی ولادت باسعادت کا ایک پہلو آپ ﷺ کا ختم الانبیاء ہونا ہے یعنی یہ کہ آپ ﷺ نبی الاولین بھی ہیں اور نبی الآخرین بھی ہیں۔ اس پر قرآن و حدیث کے بیشمار شواہد موجود ہیں۔ اکثر نبی کریم ﷺ کی سیرت و اسوہ پر بحث کی جاتی ہے، لیکن ولادت باسعادت کے ذکر چھوڑ دیا جاتا ہے یا پھر صرف ولادت باسعادت کا تذکرہ تو کیا جاتا ہے لیکن سیرت کے پہلو کو چھوڑ دیا جاتا ہے یا پھر دونوں پہلو زیر بحث لائے جاتے ہیں۔ لیکن ولادت نبوی ﷺ کے ساتھ آپ ﷺ کے خاتم الانبیاء ہونے کے پہلو کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ جبکہ میلاد النبی ﷺ کو منانے کا تعلق آپ کے خاتم النبیین ہونے سے گہرا ہے۔ دور حاضر میں اس پہلو کو اجاگر کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ جبکہ منکرین ختم نبوت نت نئی چالیں چل رہے ہیں اور طرح طرح کے فتنے جنم لے رہے ہیں۔ نبی کریم ﷺ کے ختم نبوت کے عقیدہ کو ملت اسلامیہ سے نکالنے کی منظم تحریکات کام کر رہی ہیں، جس میں غیر مسلم پیش پیش ہیں اور ان کے آلہ کار آج کا نام نہاد مسلم دانشور بھی ہوئے ہیں۔ سطور ذیل میں ہم اس پہلو پر کچھ عرض کرنے کی کوشش کریں گے۔

اول الخلق:

اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے نبی کریم ﷺ کو خلق فرمایا۔ قرآن حکیم کی متعدد آیات اس پر دلالت کرتی ہیں۔ حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "مدارج النبوت" کے خطبہ میں اس آیت پاک سے استدلال کیا ہے۔

"ھو الاول والاخر والظاھر والباطن و ھو بکل شیی علیم

ترجمہ: وہی ذات اول و آخر اور ظاہر و باطن ہے اور وہی ہر شئے کا جاننے والا ہے۔

یہ کلمات اعجاز اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں حمد و ثناء پر بھی مشتمل ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اپنی کبریائی کے ذکر و بیان کے خطبہ میں ارشاد فرمایا ہے اور حضور سید عالم ﷺ کی نعت و صفت کو بھی شامل ہیں۔ کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے ان اسماء و صفات کے ساتھ آپ کی توصیف فرمائی، باوجودیکہ یہ اسماء منجملہ اسماء حسنیٰ بھی ہیں اور متلو اور وحی غیر متلو ان دونوں صورتوں میں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کا نام نامی اسم گرامی قرار دے کر آپ کے حلیہ مبارک، حسن و جمال اور کمال و خصائل کا آئینہ دار بنایا۔ اگرچہ حضور ﷺ کے تمام صفات سے متعلق و متصف ہیں۔ اس کے باوجود خصوصیت کے ساتھ ان میں سے کچھ صفات کو نامزد کر دیا گیا۔ مثلاً نور، علم، حکیم، مومن، مہیمن، ولی، ہادی، رؤف اور رحیم اور یہ چاروں مذکورہ اسماء صفات بھی اول، آخر، ظاہر، باطن بھی انہیں قبیل سے ہیں"۔ (مدارج النبوت جلد اول، صفحہ ۱۲)

حضرت شاہ عبد الحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ اس کی مزید تشریح میں لکھتے ہیں۔ "حضور ﷺ کی شان اوّلیت"۔ اب رہا یہ امر کہ حضور اکرم ﷺ کا اسم صفت اول کیسے ہے؟ یہ اوّلیت اس بناء پر ہے کہ آپ کی تخلیق موجودات میں سے اوّل ہے۔ چنانچہ حدیث شریف ہے۔ اوّل خلق اللہ نوری..... اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے میرے نور کو وجود بخشا۔

آپ مرتبہ نبوت میں بھی اوّل ہیں۔ چنانچہ حدیث پاک میں ہے:

کنت نبیا و ان آدم لمنجدل فی طینته میں اس وقت بھی نبی تھا جب کہ آدم علیہ السلام اپنے خمیر میں ہی تھے۔ یہ کہ آپ ہی روز میثاق سارے جہاں سے پہلے جواب دینے والے تھے۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے فرمایا الست بربکم کیا میں تمہارا رب نہیں....؟ قالو بلی...... سب نے کہا یہ کہ آپ ہی سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں۔ چنانچہ فرمایا و اوّل من آمن باللہ و بذلک امرت و انا اوّل المومنین۔ اللہ پر سب سے پہلے ایمان لائے اور مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلا مومن ہوں۔ (مدارج النبوت جلد اول، صفحہ ۱۲)

احادیث میں بھی شواہد موجود ہیں۔ چنانچہ دیوبند مکتب فکر کے مولوی اشرف علی تھانوی لکھتے ہیں:

"عبدالرزاق نے اپنی سند کے ساتھ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت کیا ہے کہ میں نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں، مجھ کو خبر دیجئے کہ سب اشیاء سے پہلے اللہ تعالیٰ نے کونسی چیز پیدا کی؟ آپ نے فرمایا اے جابر اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء سے پہلے تیرے نبی کا نور اپنے نور سے پیدا کیا۔ پھر وہ نور قدرت الٰہیہ سے جہاں اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا سیر کرتا رہا اور اس وقت نہ لوح تھی نہ قلم تھا اور نہ بہشت تھی اور نہ دوزخ تھا نہ فرشتہ تھا اور نہ آسمان تھا اور نہ زمین تھی اور نہ سورج تھا اور نہ چاند اور نہ جن تھا اور نہ انسان تھا۔ پھر جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کرنا چاہا تو اس نور کے چار حصے کیے اور ایک حصے سے قلم پیدا کیا اور دوسرے سے لوح اور تیسرے سے عرش..... آگے طویل حدیث ہے"۔ (نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب، صفحہ ۶،۷)

اس حدیث مبارکہ کے تحت مولوی اشرف تھانوی لکھتے ہیں:

"اس حدیث نور محمدی کا اول الخلق ہونا باولیت حقیقیہ ثابت ہوا، کیونکہ جن جن اشیاء کی نسبت روایات میں اوّلیت کا حکم آیا ہے ان اشیاء کا نور محمدی سے متاخر ہونا اس حدیث میں منصوص ہے"۔ (ایضاً، صفحہ ۷)

اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے علماء امت نے نبی کریم ﷺ کے متعلق لکھا ہے کہ آپ ﷺ "اوّل الخلق" ہیں۔ جب آپ ﷺ اوّل الخلق ہیں تو آپ ﷺ کی "روح" بھی اوّل ہے اور آپ ﷺ کی "نبوت" بھی "اوّل" ہے جیسا کہ ہم حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کی عبارت اوپر بیان کر چکے ہیں۔

غزالی زماں حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمتہ اللہ علیہ نے خلقت محمدی ﷺ عنوان قائم کر کے لکھا ہے کہ آپ ﷺ اول الخلق ہیں۔ آپ ہی اول المسلمین ہیں اور آپ ﷺ کی روح پاک اور جوہر مقدس جمیع کون یعنی تمام ماسوی اللہ مقدم ہیں۔ (میلاد النبی ﷺ، صفحہ ۱۱، ۷)

اول المسلم:

جس طرح نبی کریم ﷺ اوّل الخلق ہیں، اسی طرح آپ ﷺ اوّل المسلم ہیں کہ **الست بربکم** پر سب سے پہلے آپ ﷺ ہی نے جواب دیا **قالو بلی** پھر فرمایا و **اوّل من آمن باللہ**..... اور میں سب سے پہلا مومن ہوں۔ (مدارج النبوت جلد اول، صفحہ ۱۲)

"آیت کریمہ و انا اول المسلمین ہے، یعنی میں سب سے پہلا مسلم ہوں"۔ (میلاد النبی، صفحہ ۱۱)

نبی الاولین:

نبی کریم ﷺ کی نبوت تمام انبیاء سے پہلے ہے، یوں آپ ﷺ نبی الاولین قرار پائے۔ قرآن حکیم میں ارشاد ہے۔

و اذ اخذ اللہ میثاق النبیین..... الاخرة (آل عمران)

ترجمہ: "اور جب لیا اللہ تعالیٰ نے عہد نبیوں سے کہ جو کچھ دیا میں نے تم کو کتاب اور حکمت سے آئے تمہارے پاس رسول معظم جو تصدیق کرنے والا ہو اس چیز کی جو تمہارے ساتھ ہے تو تم اس پر ضرور ایمان لاؤ گے اور اس کی ضرور مدد کرو گے۔ فرمایا کیا تم نے اقرار کر لیا اور اس شرط پر میرے عہد کو قبول کر لیا۔ سب نے کہا ہم نے اقرار کر لیا۔ فرمایا آپ گواہ ہو جاؤ اور میں تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ہوں۔ پھر جو کوئی پھر جائے اس کے بعد تو وہی لوگ نافرمان ہیں"۔ (القرآن، آل عمران)

اس آیت مقدسہ کو عموماً "میثاق انبیاء" کہا جاتا ہے اور اکثر اوقات اسے میلاد النبی ﷺ کے جواز میں پیش کیا جاتا ہے جو یقیناً درست ہے، لیکن اس کا ایک پہلو یہ ہے کہ اس سے نبی کریم ﷺ کی نبوت کا اولین ہونا اور پھر اسی سے آپ ﷺ کا خاتم النبیین ہونا بھی ثابت ہوتا ہے۔ یعنی جس نبی کی آمد پر انبیاء سے وعدہ لیا جا رہا ہے۔ وہ نبی کریم ﷺ ہیں۔ خود حضور علیہ السلام کی بیشمار احادیث اس پر دلالت کرتی ہیں کہ "میں اس وقت بھی نبی تھا جب آدم علیہ السلام مٹی اور پانی کے درمیان تھے"۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے کہ صحابہ نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ آپ کے لئے نبوت کس وقت ثابت ہو چکی تھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ "جس وقت میں کہ آدم علیہ السلام ہنوز روح و جسد کے درمیان تھے"۔ (نشر والطیب، صفحہ ۸،۹)

اس مضمون کی متعدد احادیث کتب احادیث و سیرت میں موجود ہیں جن سے نبی کریم ﷺ کا "نبی الاولین" ہونا ثابت ہے۔

نبی الآخرین:

آپ ﷺ نبی الآخرین ہیں یعنی آپ سب انبیاء کے آخر میں تشریف لائے اور آپ کے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

آیت "میثاق النبین" کے تحت علامہ محمد اسمٰعیل حقی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام سے یہ وعدہ لیا کہ وہ آپس میں ایک دوسرے کی تصدیق کریں کہ جو نبی علیہ السلام اس کے بعد تشریف لائے تو پہلے نبی پچھلے آنے والے نبی علیہ السلام پر ایمان لائے..... اگر اس کا پہلے وصال ہو جائے تو اپنی امت کو حکم دے جائے کہ اگر تم آنے والے نبی کا زمانہ پاؤ تو اس پر ایمان لانا..... مثلاً موسیٰ علیہ السلام سے وعدہ لیا کہ وہ عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائیں اور عیسیٰ علیہ السلام سے وعدہ لیا کہ حضرت محمد ﷺ پر ایمان لائیں۔ جب یہ حکم انبیاء علیہ السلام کے لئے تھا تو ان کی امتوں پر زیادہ ضروری ہے کہ وہ اس حکم پر عمل کریں۔ (تفسیر روح البیان، پارہ ۳، صفحہ ۳۰۲)

یوں نبی کریم ﷺ انبیاء کی جماعت میں نبی الآخرین ہوئے۔ اگر آپ کے بعد کوئی اور نبی ہوتا تو لازم تھا کہ دیگر انبیاء کی طرح آپ ﷺ بھی اس آیت کے مطابق اپنے بعد آنے والے نبی پر ایمان لانے اور اس کی مدد کرنے کا ارشاد فرماتے ہیں۔ لیکن آپ نے تو ارشاد فرمایا "**انا خاتم النبیین لا نبی بعدی**" میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

علامہ شاہ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہیں:

"شان آخر" اس سبقت و اوّلیت کے باوجود بعثت و رسالت میں آپ آخر ہیں۔ چنانچہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے **و لکن رسول اللہ و خاتم النبیین** ۔ ترجمہ: لیکن آپ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں..... یہ کہ کتابوں میں آپ کی کتاب قرآن حکیم اور نبیوں میں آپ کا دین آخری۔ چنانچہ فرمایا **نحن الاخرون السابقون** ۔ تمام سبقتوں کے باوجود بعثت میں ہم آخری ہیں۔ (مدارج النبوت جلد دوم، صفحہ ۱۳)

ولادت نبوی اور ختم نبوت:

مذکورہ بالا تفصیل سے معلوم ہو گیا کہ نبی کریم ﷺ اول الخلق، اول المسلم، اول النبی اور انبیاء میں سب سے آخر میں تشریف لائے۔ چنانچہ انبیاء کے نقش اول بھی آپ ﷺ ہیں اور نقش آخرین بھی، آپ ہی کی ذات والا صفات ہے۔

نبی کریم ﷺ ولادت پر سلسلہ نبوت کا اختتام ہو گیا اور یوں اہل کتاب کی وہ تمام امیدیں دم توڑ گئیں کہ آخری نبی ان میں سے یعنی اہل کتاب میں ہو گا۔ آپ ﷺ نے اپنا تعارف و ولادت کا ذکر اور ساتھ ہی اپنی ختم نبوت کا ذکر خود ارشاد فرمایا ہے۔ چنانچہ ارشاد فرمایا۔

"میری پیدائش بنی آدم کے بہترین زمانے میں ہوئی، اس زمانے میں پیدا ہوا جس میں میں ہوں"۔ (میلاد مصطفیٰ بزبان مصطفیٰ صفحہ ۵۵، بحوالہ بخاری شریف)

علامہ شاہ عبدالحق محدث الہ آبادی فرماتے ہیں:

"آپ ﷺ کی ولادت باسعادت کا وقت تمام ازل و ابد کے اوقات میں افضل و اعلیٰ ہے۔ کیونکہ آپ محبوب رب العالمین اور باعث ایجاد عالم رحمتہ اللہ العالمین، خاتم النبیین ہیں"۔ (ایضاً، صفحہ ۵۹، ۶۰)

بیہقی میں حضرت عمر بن خطابؓ کی روایات بیان کی ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لغزش ہوئی، انہوں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض، مجھے بحق محمد ﷺ معاف فرما۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے آدم تو نے محمد ﷺ کو کیسے جانا؟ عرض کی جب تو نے مجھے بنایا، میرے اندر روح پھونکی پھر جیسے ہی میں نے سر اٹھایا یہ عرش پر لکھا دیکھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ تو میں سمجھ گیا کہ یہ شخص تجھے ساری مخلوق سے زیادہ محبوب ہے۔ کیونکہ تو نے اپنے نام کے ساتھ ان کے اسم گرامی کو ملا رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں نے تمہیں بخش دیا ہے۔ انہی کے باعث تجھے وجود بخشا ہے۔ طبرانی نے بھی ذکر کیا اور انہوں نے یہ عبارت زیادہ بیان کی ہے۔

(اے آدم!) محمد ﷺ میری اولاد میں سے "خاتم الانبیاء" ہیں۔ (ایضاً، صفحہ ۶۷، ۶۸)

"احمد بزار، طبرانی، حاکم اور ابو نعیم نے حضرت عرباض بن ساریہ کی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا میں اللہ تعالیٰ کا خاص بندہ، خاتم النبیین ہوں۔ (اور اس وقت بھی تھا) جبکہ حضرت آدم علیہ السلام مٹی میں ملے ہوئے تھے۔ میں تمہیں بتائے دیتا ہوں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت ہوں۔ اپنی والدہ ماجدہ کا خواب ہوں جو انہوں نے دیکھا"۔ (ایضاً، صفحہ ۸۲)

یہ چند ارشادات نبوی ﷺ ہیں جن میں نبی کریم ﷺ نے اپنی ولادت باسعادت کے ساتھ ساتھ اپنی ختم نبوت کا ارشاد فرمایا ہے۔

علامہ عبدالرحمن جامی رحمتہ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب بیان کرتی ہیں نبی کریم ﷺ کی ولادت کے وقت میں حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کی مدد و معاون تھی، میں نے دیکھا آپ کی ولادت پر آپ نے سجدہ کیا۔ لا الہ الا اللہ انی رسول اللہ کہا..... جب چاہا کہ آپ کو کپڑے میں لپیٹوں تو آپ پر مہر نبوت دیکھی اور آپ کے کندھے کے درمیان دیکھا وہاں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا"۔ (شواہد النبوت، صفحہ ۵۶،۵۷)

آپ کی ولادت کے وقت ایک یہودی یکایک چلا چلا کر پکار رہا تھا، احمد کا ستارہ طلوع ہو چکا ہے۔ (الذکر الحسین، صفحہ ۱۵۵)

اصرار کر کے یہودی نے آپ کی زیارت کی۔ یہودی نے آپ کی مہر نبوت دیکھی تو وہ بیہوش ہو کر گر پڑا اور جب ہوش میں آیا تو کہنے لگا۔ "خدا کی قسم بنی اسرائیل سے نبوت رخصت ہو گئی ہے۔ اے گروہ قریش خوش ہو جاؤ کہ یہ نبی ہیں اور تم پر ایسا غلبہ حاصل کریں گے کہ شرق و غرب میں ان کے غلبے کی خبریں شائع ہوں گی"۔ (الذکر الحسین بحوالہ خصائص الکبریٰ، صفحہ ۱۵)

دعا خلیل و بشارت عیسیٰ:

نبی کریم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ "میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت ہوں"۔ قابل غور بات یہ ہے کہ انبیاء بنی اسرائیل کی جد حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں کہ انبیاء بنی اسرائیل حضرت اسحٰق علیہ السلام جو ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے ہیں سے شروع ہو کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ختم ہو گئے۔ آپ ﷺ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد سے ہیں۔ یوں ربنا وابعث فیھم رسولہ..... اس دعا سے مراد آپ ﷺ ہیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بشارت دی کہ "میں اپنے بعد جس نبی کی بشارت دے رہا ہوں ان کے اسم گرامی احمد ہے"۔ یعنی وہ نبی کریم ﷺ کی ذات ہے۔ یوں ولادت باسعادت کے ساتھ ہی آپ کی ختم نبوت کا چرچا چار دانگ عالم میں ہوا۔ یوں آپ ﷺ کی ولادت بطور آخری "نبی" کے ہیں۔ آپ کے بعد کوئی نبی یا رسول نہیں ہے۔ پس ولادت باسعادت ہی ختم نبوت ہے اعلان ہے۔

☆☆☆☆☆

قومی مجرم اور آکسفورڈ یونیورسٹی کی چانسلر شپ

عبدالباسط علوی

پاکستان کے تناظر میں 9 مئی کو عمران خان اور ان کے حواریوں کے اقدامات کسی سے ڈھکے چھپے نہیں۔ ان کے حامیوں کی طرف سے فوجی تنصیبات پر حملوں کا موازنہ اس حقیقت سے کیا جا سکتا تھا جو پاکستان کے مخالف بھی سات دہائیوں میں نہیں کر سکے تھے۔ دہشت گردی کی یہ کارروائی انتہائی خوفناک تھی اور یہ انتہائی حیران کن ہے کہ کچھ لوگ اب بھی عمران خان کی حمایت کرتے ہیں اور ان کی رہائی کی وکالت کرتے ہیں جبکہ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا 9 مئی کے واقعات سے بڑی بھی کوئی غداری ہو سکتی ہے؟ یہ مزید پریشان کن ہے کہ ایسے نام نہاد رہنما اب ایک معروف عالمی یونیورسٹی کے چانسلر کے عہدے کے خواہاں ہیں۔ ان ارادوں کے پیچھے کے بنیادی محرکات کو بے نقاب کرنا ضروری ہے۔ ایک ملک کے قومی مجرم کا آکسفورڈ یونیورسٹی جیسے باوقار ادارے کے چانسلر بننے کا امکان کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ اعلیٰ تعلیمی درجہ بندی اور تاریخی وقار کے عالمی معیار کے طور پر آکسفورڈ یونیورسٹی نہ صرف تعلیمی شعبے میں بلکہ اپنے انتظام اور قیادت میں بھی سخت معیارات کو برقرار رکھتی ہے۔ اپنی باوقار ساکھ کے تحفظ کے لیے آکسفورڈ یونیورسٹی نے اپنے انتظامی اور قائدانہ ڈھانچے میں مجرمانہ اثر و رسوخ سے بچنے کے لیے سخت اقدامات نافذ کیے ہیں۔ آکسفورڈ یونیورسٹی کی مجرمانہ پس منظر والے افراد کو چانسلر شپ سے خارج کرنے کی ایک دیرینہ روایت ہے۔ مثال کے طور پر 2000 کی دہائی کے اوائل میں، اس عہدے کے لیے زیر غور ایک ممتاز کاروباری شخصیت کو اس وقت نااہل قرار دیا گیا جب پس منظر کی جانچ میں اس پر ماضی میں مالی دھوکہ دہی کے حوالے سے سزا کا انکشاف ہوا۔ یہ فیصلہ مالیاتی سالمیت اور اخلاقی طرز عمل کے اعلیٰ ترین معیارات کو برقرار رکھنے کے لیے آکسفورڈ یونیورسٹی کے عزم کا اظہار کرتا ہے۔ اسی طرح کچھ سال پہلے ان کے پچھلے سیاسی کردار سے متعلق بدعنوانی کے لیے زیر تفتیش امیدوار کا بھی انتخاب نہیں کیا گیا تھا۔ ان کی کامیابیوں کے باوجود قانونی مسائل نے ان کی موزونیت کے بارے میں شکوک و شبہات پیدا کیے، جس کی وجہ سے انہیں خارج کر دیا گیا۔ اس معاملے نے واضح قانونی حیثیت اور اخلاقی رویے کے ثابت شدہ ریکارڈ کے ساتھ امیدواروں کو ترجیح دینے کی آکسفورڈ یونیورسٹی کی پالیسی کی نشاندہی کی۔ ایک اور امیدوار جس کا اچھا تعلیمی پس منظر ہے لیکن اس پر انتہا پسند سیاسی گروہوں سے منسلک ہونے کا شبہ ہے، کو بھی جانچ پڑتال کے عمل کے دوران ان کی وابستگی اور مفادات کے ممکنہ تنازعات کے بارے میں خدشات سامنے آنے کے بعد ہٹا دیا گیا۔ اس فیصلے نے اپنی اقدار کو برقرار رکھنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ قائدانہ عہدے انتہا پسندی کے اثر و رسوخ سے آزاد ہیں، آکسفورڈ یونیورسٹی کے عزم کو تقویت بخشی۔ حال ہی میں ایک برطانوی اخبار دی گارڈین نے آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کے عہدے کے لیے پی ٹی آئی کے بانی عمران خان کی ممکنہ امیدواری کا تنقیدی جائزہ لیا ہے۔ دی گارڈین نے عمران خان کی مناسبیت کے بارے میں خدشات کا اظہار کیا اور ماضی میں ان کی جانب سے طالبان کی تعریف و توصیف اور متنازعہ بیانات کا حوالہ بھی دیا جن میں اسامہ بن لادن کو شہید قرار دینا بھی شامل ہے۔ اخبار نے سوال کیا کہ کیا خان، اپنے ماضی کے تبصروں اور وابستگی کے ساتھ، اس کردار کے لیے مناسب انتخاب ہوں گے۔ گارڈین اخبار نے پی ٹی آئی کے بانی کی نامزدگی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ آکسفورڈ یونیورسٹی کے موجودہ اور ماضی کے طلباء ء کی توہین ہے۔ اخبار نے نامزدگی پر عدم اعتماد کا اظہار کیا اور عمران خان اور ان کے حامیوں پر زور دیا کہ وہ اس پر دوبارہ غور کریں۔ اس کے بجائے دی گارڈین نے لیڈی ایلیش انجیولینی کی آکسفورڈ یونیورسٹی کی چانسلر شپ کے لیے مثالی امیدوار کے طور پر توثیق کی اور انہیں ادارے کے لیے ایک قیمتی اثاثہ قرار دیا۔ آکسفورڈ یونیورسٹی میں چانسلر کے عہدے کے لیے انتخاب 28 اکتوبر کو ہوتا ہے جس میں 250,000 سابق طلباء ء اور عملہ آن لائن ووٹ ڈال رہے ہیں۔ نیا چانسلر 10 سال کی مدت کے لیے کام کرے گا۔ پاکستان اسرائیل کو تسلیم نہیں کرتا اور فلسطینیوں کے خلاف اس کے ظالمانہ اقدامات کی مذمت کرتا ہے۔ مگر عمران خان کی حمایت میں اسرائیل بھی پیش پیش ہے جس پر انہیں انسانی حقوق کے حامیوں، مسلمانوں اور بہت سے پاکستانیوں کی تنقید کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ایک اسرائیلی اخبار نے حال ہی میں گولڈ اسمتھ خاندان کے ساتھ رابطوں کے ذریعے تعلقات کو معمول پر لانے کے لیے ان کی ممکنہ آمادگی کا حوالہ دیتے ہوئے تجویز کیا کہ عمران خان پاکستان اور اسرائیل کے درمیان تعلقات کو فروغ دینے میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اسرائیلی بلاگر عیدور بشیروا نے استدلال کیا ہے کہ خان کا منفرد نقطہ نظر اور روابط اسرائیل اور اسلامی دنیا کے درمیان تفرقات کو ختم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں اور ان پر زور دیا ہے کہ وہ سیاست میں واپس آ جائیں۔ یہ قیاس آرائیاں بھی کی جا رہی ہیں کہ عمران خان آکسفورڈ یونیورسٹی کی چانسلر شپ حاصل کرنے کے لیے اپنے اسرائیلی رابطوں کا استعمال بھی کر سکتے ہیں۔ عمران خان کو اپنے اعمال پر ملک کے نظام انصاف کا سامنا کرنا چاہیے اور تسلیم کرنا چاہیے کہ آکسفورڈ کی چانسلر شپ حاصل کر کے اپنے ماضی کے جرائم کو چھپانے کی ان کی کوششیں ناکام ہو جائیں گی۔ ان کے لیے یہ سمجھنا اور ماننا ضروری ہے کہ ان کو سزا یا ریلیف صرف اور صرف ملک کے عدالتی نظام سے ہی ملتا ہے۔

آقائے دو جہاں ﷺ کی آمد مرحبا مرحبا



عہد حاضر کی کہانی

ملک نذیر اعوان

نثار تیری چہل پہل پہ ہزاروں عیدیں اے ربیع الاول
سوائے ابلیس کے جہاں میں تو سبھی خوشیاں منا رہے ہیں

آج سے تقریباً سوا چودہ سو سال پہلے تمام دنیا پر ظلم و جبر اور جہالت کی تاریکی چھائی ہوئی تھی اہل عرب بتوں کی پوجا کرتے تھے۔ اور یہ لوگ آگ اور درخت کی بھی پوجا کرتے تھے۔ کچھ لوگ ستاروں کی پوجا کرتے تھے لیکن بت پرستی کا رواج عام تھا۔ اپنے ہاتھ سے بنائی ہوئی مورتیوں کو اپنا معبود سمجھتے تھے۔ اور انہی سے مدد مانگتے تھے ان کا مذہب بتوں کی پوجا اور کمزور بے بس لوگوں پر ظلم کرنا تھا۔ اہل عرب میں ہر قسم کی برائی موجود تھی۔ عرب میں زیادہ تر لوگ خانہ بدوشی زندگی بسر کرتے تھے۔ لوگوں کا آپس میں کوئی میل ملاپ نہیں تھا۔ دور جہالت میں عورت کی کوئی قیمت نہ تھی اور اسے اپنی زندگی گزارنے کا کوئی اختیار نہیں تھا۔ جیسے کوئی بھیڑ یا بکری پالنے والا جب چاہے اسے باندھ دے جب چاہے اسے فروخت کر دے۔ اور جب چاہے اسے زندہ دفن کر دے۔ عورت دور جہالت میں عرب اور یونانی معاشرے کا مظلوم طبقہ تھی۔ ایک مرد جتنی عورتوں سے چاہے شادی کر لیتا تھا اور نہ ہی باقاعدہ کوئی حکومت تھی۔ یعنی ضابطہ حیات بالکل ادھوری تھی۔ طاقت کا رواج تھا۔ مظلوم کی داد رسی کرنے والا کوئی نہ تھا۔ اور خاص کر عورتوں کے ساتھ حیوانوں جیسا سلوک کیا جاتا تھا۔۔ اور جانوروں کی طرح سر عام عورتوں کو منڈیوں میں فروخت کیا جاتا تھا۔ شراب نوشی عام تھی۔ زیادہ تر لوگ لڑائی جھگڑوں میں مخمور رہتے تھے۔ عرب میں زیادہ تر لوگ حضرت اسماعیل کی دعوت و تبلیغ کے نتیجے میں دین ابراہیمی کے پیروکار تھے۔ لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انھوں نے خدائی درس و نصیحت کو بھی بھلا دیا اور ایک موقع پر ان کے سردار نے شام کا سفر کیا تو وہاں پر بتوں کی پوجا کو دیکھا تو متاثر ہو کر واپسی پر ویبت نامی بت لے آیا اور اسے لا کر خانہ کعبہ میں نصب کر دیا۔ عرب میں بت پرستی کا رواج عام تھا اس کے بعد طاقت میں لات نامی بت تھا۔ اور پھر وادی نخلہ میں عزیٰ نامی بت تھا۔ یہ بت عرب کے بڑے بت تھے۔ اس کے بعد عرب کے ہر محلے میں بتوں کی بھرمار ہو گئی۔ اور جب حج کا زمانہ آتا تو ان بتوں کو مختلف قبائل میں تقسیم کیا جاتا اس سے ہر قبیلے اور گھر میں ایک ایک بت رکھ دیا جاتا تھا۔ اور مشرکین نے خانہ کعبہ میں بت رکھ دیے۔ اور ان بتوں کے علاوہ اہل عرب اساف اور نائلہ کی بھی پوجا کرتے تھے یہ بھی دونوں پتھر تھے اساف اور نائلہ دونوں یمن کے رہنے والے تھے یہ حج کے لئے آئے تھے لیکن انھوں نے جب دیکھا کہ خانہ کعبہ میں کوئی موجود نہیں تو انھوں نے خانہ کعبہ میں بدکاری شروع کر دی۔ تو انھیں خانہ کعبہ کی بے حرمتی پر اللہ پاک نے ان دونوں کو پتھر بنا دیا تو جب لوگ دوبارہ حج کے لئے آئے تو لوگوں نے ان کو باہر پھینک دیا۔ یہ بھی ان 360 بتوں میں شامل تھے۔ جن کی اہل عرب پوجا کرتے تھے۔ غرض شرک اور بت پرستی زمانہ جاہلیت دین کا سب سے بڑا مظہر بن گئی۔ اور اہل عرب میں ہر قسم کی برائی عروج پر تھی۔ لیکن اللہ پاک کا فیصلہ بڑا اٹل ہے اور شروع سے خالق کائنات کا یہ اصول رہا کہ جب انسانوں کی حالت آخری حدوں تک پہنچ جاتی ہے تو قادر مطلق اپنے برگزیدہ اور نیک بندوں کو مبعوث فرماتا ہے۔ تو آخر کار اللہ پاک نے ان تمام برائیوں کا قلع قمع کرنے کے لیے خالق کائنات نے اہل عرب کی زمین کو یہ شرف بخشا اور رب کعبہ نے دو جہاں کے دولہا شہنشاہ کونین حبیب خدا سرور کائنات۔ تاجدار مدینہ میرے اور آپ کے آقا جناب حضرت محمد ﷺ کو اپنا آخری رسول ﷺ بنا کر بھیجا۔ اور جب اس پاک سرزمین میں حضور سرور کائنات آقا دو جہاں ﷺ رحمت مجسم بن کر تشریف لائے۔ انوار کی بارش ہوئی۔ تمام کائنات پر بہار چھا گئی۔ اور حضرت آمنہ فرماتی ہیں کہ جب حضور پرنور آقا دو جہان ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی تو یہاں پرنور ہی نور تھا۔ اور اس نور کی وجہ سے مجھے شام کے محلات نظر آنے لگے۔ اور آپ ﷺ کے تشریف لانے سے اہل عرب کی آنکھیں کھل گئیں۔ تاریکی و خزاں کا دور ہمیشہ کے لئے ختم ہو گیا۔ اس ماہ ربیع الاول کا سب سے زیادہ اور بزرگ شرف یہ ہے۔ کہ آقائے دو جہاں ﷺ اس ماہ ربیع الاول میں اپنے قدوم میمنت لزوم سے اس خاکدان عالم کو شرف فرمایا جس کے ظہور کے سبب تمام جہاں پیدا کئے گئے اور آپ ﷺ کی امت خیر الامم کے شرف سے ممتاز فرمائی گئی۔ اور اس ماہ ربیع الاول میں آپ ﷺ لقائے الٰہی کی طرف متوجہ ہوئے اور یہ شرف سب مہینوں پر سبقت لے گیا۔ اس سارے مہینے میں بالعموم اور بارہ ربیع الاول کو بالخصوص تمام ممالک کے باذوق صحیح العقیدہ مسلمان میلاد النبی ﷺ اور میلاد مصطفیٰ ﷺ کی تقریب کی سعید منائی جاتی ہیں ہر جگہ پر محافل منائی جاتی ہیں اور ہر جگہ طعام و شیرینی کا اہتمام کیا جاتا ہے گلیوں اور بازاروں کو خوب سجایا جاتا ہے اور بارگاہ رسالت مآبؐ میں عقیدت کے اجاگر کرنے سے محبت و نیاز مندی کا اظہار کیا جاتا ہے تاریخ کے صفحات پر نظر ڈالیں تو بخوبی احساس ہوتا ہے کہ ہمارے پیارے نبی ﷺ کی تشریف آوری سے پہلے پوری دنیا کفر کے اندھیروں میں ڈوبی ہوئی تھی اور لوگوں کی مذہبی اخلاقی اور معاشرتی زندگی موت سے بھی بدتر تھی ہر طرف کفر ہی چھایا ہوا تھا دیانت، شرم و حیاء، شرافت، محبت اور اخوت کے تقدس کی کوئی حیثیت نہیں دی جاتی تھی اور ہر طرف جنگل کا قانون تھا۔ اور جس کی وجہ سے ڈکیتیاں چوریاں اور زنا عروج پر تھا۔ یہاں پر ظلم و ستم کا راج عام تھا۔ اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات میں غیر اللہ کو شریک ٹھہرانا ان کی سر فہرست تھی۔ چاند۔ سورج۔ آگ اور بت پرستی کا رواج عام تھا۔ اور اسی بنا پر اہل عرب کی اصلاح اور نجات کے لئے نبی پاک ﷺ کو ہی دنیا میں نبی بنا کر بھیجا تا کہ انسانیت کو راہ راست پر لایا جائے۔ اللہ پاک نے قرآن پاک میں بھی ارشاد فرمایا جس کا ترجمہ یہ ہے۔ کہ اے محمد ﷺ کہہ دو کہ لوگوں میں تم سب کی طرف خدا کا بھیجا ہوا ہوں (یعنی اس کا رسول ﷺ) وہ جو آسمانوں اور زمینوں کا بادشاہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہی زندگی بخشتا ہے اور وہی موت دیتا ہے۔ تو خدا پر اور اس کے پیغمبر رسول ﷺ پر ایمان لاؤ۔ جو خدا پر اور اس کے تمام کلام پر ایمان رکھتے ہیں اور ان کی پیروی کرو تا کہ ہدایت پاؤ۔ مسلم شریف کی حدیث میں یہ بھی ہے کہ میں تمام خلق کی طرف رسول ﷺ بنایا گیا اور میرے ساتھ انبیاء ختم کیے گئے۔ اور پیارے آقا ﷺ کی شان کے بارے میں قرآن کریم میں خالق کائنات خود ارشاد فرما رہے ہیں کہ یقیناً تمارے رسول ﷺ عمدہ نمونہ موجود ہیں۔ حضور پاک کا ارشاد ہے کہ اللہ نے اسماعیلؑ کی اولاد سے کنانہ کو کنانہ میں سے قریش کو اور قریش میں سے بنی ہاشم کو پسند فرمایا اور بنی ہاشم میں سے مجھ کو چن لیا۔ (مشکوۃ) اللہ کریم خود نبی پاک ﷺ کی شان رسالت کے بارے میں قرآن پاک میں فرماتا ہے کہ وہی ہے کہ جس نے اپنے رسول ﷺ کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ اسے ہر دین پر غالب کرے اور اللہ تعالیٰ کافی ہے گواہی دینے والا۔ اور سورۃ الفتح آیت نمبر 28 میں ایک اور مقام پر فرمایا کہ محمد ﷺ ہم نے تم کو سچائی کے ساتھ خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے اور اہل دوزخ کے بارے میں تم سے کچھ پرسش نہیں ہوگی" اور اللہ پاک نے ایک اور مقام پر سورۃ البقرہ میں آیت 119 یہاں پر آپ ﷺ کی بعثت کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ آپ ﷺ کا کام صرف اللہ کا پیغام بندوں تک پہنچا دینا ہے اب اگر لوگ ایمان نہیں لاتے اور دوزخ کے مستحق ٹھہرتے ہیں تو اس سلسلہ میں آپ ﷺ پر الزام نہیں اور اسی طرح قرآن پاک میں ایک اور جگہ پر اللہ پاک نے ارشاد فرمایا کہ ہم نے اسی طرح تمہیں عادل امت بنایا تا کہ تم لوگوں پر گواہ ہو جائیں جس قبلہ پر تم پہلے تھے اسے ہم نے صرف اس لئے مقرر کیا تھا کہ ہم جان لیں کہ رسول ﷺ کا سچا تابعدار کون ہے۔ اور کون ہے جو اپنی ایڑیوں کے بل پلٹ جاتا ہے گویا یہ تمام مشکل ہے مگر جس اللہ نے ہدایت دی ہے ان کے لئے کوئی مشکل نہیں ہے اللہ پاک تمارے اعمال ضائع نہیں کرے گا۔ اللہ تعالیٰ لوگوں پر شفقت اور مہربانی فرمانے والا ہے (سورۃ البقرہ آیت نمبر ۲۵۲) آخر میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ حضور پاک ﷺ کی تشریف آوری سے کفر کا اندھیرا ختم ہو گیا۔ آپ ﷺ کے آنے سے بہاریں مسکرا پڑی اور اس میں کوئی شک نہیں کہ رسول کریم ﷺ کی تشریف آوری سے دنیا میں جہالت کی تاریکیاں ختم ہو گئیں اور انسان کو اس کی عظمت حقیقی سے آشنائی میسر آئی۔ اس لحاظ سے ربیع الاول کا مہینہ اس لئے اپنے گھروں میں محفل میلاد کی خوشیاں مناؤ اور اپنے گھروں کو سجاؤ اور دھوم دھام سے سرکار دو عالم ﷺ کی ولادت با سعادت مناؤ قارئین اگر ہماری شادیاں ہوں ہم ضرورت سے بڑھ کر خرچ کرتے ہیں۔ تو اسی طرح ہمیں اپنے آقا ﷺ کی ولادت با سعادت پر زیادہ سے زیادہ خرچ کرنا چاہیے۔ ابن جوزی فرماتے ہیں کہ کوئی شخص آپ ﷺ کی ولادت پر ایک درہم خرچ کرے گا اللہ پاک اسے دس درہم عطا کرے گا۔۔۔۔۔۔۔ اللہ پاک ہم سب کا حامی و ناصر ہو

دیار غیر سے کشمیر تک نظریاتی پیروکاروں کی آواز

شوکت جاوید میر

پاکستان کی سیاست میں بالعموم اور پیپلز پارٹی کی لازوال جدوجہد میں پارٹی کے بانی چیئرمین، ملک کے پہلے منتخب وزیر اعظم قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور ان کی بہادر بیٹی دختر مشرق محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کے نظریاتی جانثار پیروکاروں میں ان گنت رہنماؤں کے نام آج بھی وفا کی داستانیں بیان کرتے ہوئے آنے والی نسلوں کیلئے رول ماڈل کی حیثیت رکھتے ہیں، پاکستان میں صرف پیپلز پارٹی ہی وہ واحد سیاسی، جمہوری تحریک ہے جس نے نہ صرف ملک کو 1973 کا متفقہ اسلامی آئین دیا، ناقابل تسخیر دفاع کیلئے ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھی بلکہ کامیاب خارجہ پالیسی سے دنیا بھر میں باہمی احترام سے پاکستان کے پر اعتماد سفارتی تعلقات استوار کیے اور قومی کشمیر پالیسی کے ذریعے ڈیڑھ کروڑ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے حصول کی انتھک پر امن جدوجہد کو دنیا بھر کے ایوانوں میں نیوکلیئر فلیش پوائنٹ بنانے میں دل و جان سے کردار ادا کیا، قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے بے شمار اصلاحات کے ذریعے پسے ہوئے طبقات کو جینے کا خودداری سے طرز حیات سکھایا اور سیاست کو جاگیرداروں، سرمایہ داروں اور ان کے حاشیہ برداروں کے خونی پنجوں سے بازیاب کروا کر عام آدمی کی دہلیز تک لانے میں جو شبانہ روز کاوشیں کیں، اس پر آج بھی دنیائے انسانیت کی تاریخ نازاں ہے، ہم سرکار دو عالم، شافع محشر محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیروکار جب ان کی پاک سیرت کا مطالعہ کرتے ہیں تو انہیں محسن انسانیت کا خطاب اسی لیے حاصل ہے کہ انہوں نے اللہ کی مخلوق کے ساتھ صلح رحمی کا درس دیا اور ان کا فرمان عالی شان ہے کہ تم میں سے بہترین انسان وہ ہے جو دوسروں کیلئے نفع بخش ثابت ہو، اسی طرح امام زین العابدین کا قول ہے کہ اگر لوگ یہ سمجھ لیں کہ اللہ کی مخلوق سے پیار کرنے کا عمل اللہ تک رسائی کا راستہ بناتا ہے تو دنیا میں قیام امن کو کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ قارئین محترم! پاکستان کی سیاست میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح اور مصور پاکستان ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے افکار و نظریات کے بعد آج تک اگر بہت ساری لغزشوں کے باوجود جن سیاسی قائدین کا نام روز روشن کی طرح عیاں ہے ان میں قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو، قائد انقلاب شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کے لازوال کردار سے ان کے بدترین ناقدین بھی انکار نہیں کرتے، قائد عوام کو جب ناکردہ گناہوں کی پاداش میں تختہ دار تک چڑھانے کی عالمی سازش تیار کی گئی تو ان کی جان بخشی کیلئے کئی ممالک کے سربراہان نے رحم کی اپیلیں دائر کرنے کی تگ و دو کی، جس پر شہید ذوالفقار علی بھٹو کے تاریخی جملے آج بھی قومی خودداری اور غیرت کی گواہی ہیں کہ "میں ایک آمر کے ہاتھوں مر کر تاریخ میں امر ہونا چاہتا ہوں"۔ انہوں نے صرف اپنے پروردگار کے حضور ہی رحم و کرم پر بھروسہ کیا آج دنیا بھر ان کی قربانی کو قدر و منزل کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور پاکستانی جملہ سیاسی، مذہبی قیادت اور ان کے حصار سے باہر نہیں نکل سکی وہ آئینی اصلاحات ہوں یا افواج پاکستان کی تنظیم نو، دنیا بھر میں سفارتی بندھن کی بات ہو یا بنیادی جمہوری حقوق کی، اسلام ہمارا دین کے عملی تصور پر جائیں تو ان کا دوسرا روپ مجاہد ختم نبوت کا پوری قوم پر عیاں ہے جنہوں نے فتنہ قادیانیت کا خاتمہ کرتے ہوئے قانون پر تاریخی دستخط ثبت کرنے کے موقع پر کہا تھا کہ میں آج اپنے موت کے پروانے پر دستخط کر رہا ہوں لیکن میں ایک خطا کار انسان ہوں اسی بنا پر حبیب کبریا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری شفاعت فرمائیں گے، ذوالفقار علی بھٹو شہید نے وطن پرستی اور قومی خوشحالی میں جان آفرین کے سپرد کر دی اور ان کی بہادر بیٹی محترمہ بے نظیر بھٹو شہید نے اسی تسلسل کو جاری رکھتے ہوئے کرہ ارض میں ایسی مایہ ناز تاریخ کے باب کا اضافہ کیا جو بیان تو کی جا سکتی ہے لیکن اس پر عمل پیرا ہونا قافلہ حسینی کی حقیقی پیروی کے مترادف ہے جہاں لشکر یزید سے ٹکرا کر جان، مال، عزت و ناموس سب کچھ قربان کرنا پڑتا ہے، محترم قارئین پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ریاست جموں و کشمیر کے عوام کے بنیادی حقوق جن میں حق خودارادیت کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھا، آزاد خطہ کی تعمیر و ترقی، آئینی اصلاحات اور عوام کا معیار زندگی بلند کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا، وہاں کشمیریوں کا بھی پاکستان سے لازوال رشتہ اور اپنی قیادت سے عقیدت اظہر من الشمس ہے، پاکستان پیپلز پارٹی اور پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے درمیان باہمی روابط، تنظیمی امور اور سیاسی فیصلوں کیلئے اعتماد سازی کیلئے کسی بھی صف اول کے کسی پارٹی رہنما کو ذمہ داریاں تفویض کیں جن میں بابائے سوشلزم شیخ رشید، خورشید حسن میر، میر باز کھیتران، حنیف خان، جہانگیر بدر، سید خورشید شاہ، محترمہ ناہید خان، صفدر عباسی شامل ہیں، جس طرح بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کی ہمشیرہ مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح نے اپنے بھائی کے شانہ بشانہ دو قومی نظریے پر قیام پاکستان میں ساتھ نبھایا اسی طرح صدر پاکستان مرد بحران اور نیلسن منڈیلا کا خطاب پانے والے آصف علی زرداری کے راستے میں سیاسی بارودی سرنگیں اور خاردار رکاوٹوں کو عبور کرنے کیلئے اپنے عزم کے ساتھ منفرد کردار نبھانے والی محترمہ فریال تالپور نے پاکستان اور آزاد کشمیر کی سیاست میں ایک نئی جہت کو پروان چڑھایا اس میں ان کے معتمد خاص اور دست راست چوہدری ریاض کے تدبر، حکمت عملی، خلوص، اعلیٰ ظرفی کا جادو سر چڑھ کر بولتا ہے، چوہدری ریاض آج سے کم و بیش 16 سال قبل لندن میں قائم انٹرنیشنل پیپلز سیکرٹریٹ کے انچارج کی حیثیت سے قائد انقلاب دختر مشرق محترمہ بے نظیر بھٹو شہید کے ساتھ سیاسی ریاضت کا اعزاز رکھتے ہیں، چوہدری ریاض اپنی خوش اخلاقی، انسانیت کی قدر، اپنی جسامت کی طرح عقل و تدبر سے دیار غیر سے کشمیر تک اپنوں اور غیروں میں یکساں مقبولیت کے حامل ہیں، چوہدری ریاض کی فہم و فراست، مربوط روابط اور اعتماد سازی کے ہتھیار سے چوہدری عبدالمجید کی قیادت میں قائم پیپلز پارٹی کی حکومت کو تحریک عدم اعتماد سمیت کئی اندرونی اور بیرونی بحرانوں کی یلغار سے بچانے میں مسیحا کا کردار ادا کیا، ان کے مخالفین کے ہاتھ جب کچھ بھی نہیں لگتا تو وہ ان پر کبھی کبھار بے سروپا الزامات عائد کر کے اپنی خفت مٹانے کی کوششوں میں مگن رہتے ہیں لیکن اب ان کے مخالفین بھی ان کی قائدانہ صلاحیتوں کا برسرعام اعتراف کر کے ان کی زندہ دلی، پارٹی سے محبت، قیادت سے وفاداری، نظریات سے پیار کا کریڈٹ دینے میں بخل محسوس نہیں کرتے، یہ منفرد اعزاز کم ہی شخصیات کے حصے میں آتا ہے اور یار لوگوں کا کہنا ہے کہ اگر عتیق خان کی اسمبلی میں یا تنویر الیاس کی وزارت عظمیٰ میں ان کے پاس بھی کوئی چوہدری ریاض جیسا دانا، معتبر، تجربہ کار، مخلص سیاستدان ہوتا تو نہ پیپلز پارٹی کے دور حکومت سے قبل چار تبدیلیاں رونما ہوتیں اور نہ ہی عبدالقیوم خان نیازی کی وزارت عظمیٰ سے لے کر سردار تنویر الیاس اقتدار سے الگ ہوتے اور نہ ہی سیاسی افراتفری ہوتی۔ محترم قارئین سردار تنویر الیاس خان کو جب (جاری ہے۔۔۔۔۔۔)

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں
......(ادارہ)

تلاش گمشدہ

میری ایم۔ اے کی مارک شیٹ جاری کردہ الخیر یونیورسٹی اے جے کے زیر رول نمبر 8253، رجسٹریشن نمبر AURK(E)245-2001 دوران سفر کہیں گم ہو گئی ہے۔ اگر کسی صاحب کو ملے تو برائے مہربانی درج ذیل پتہ پر بھیجیں یا دیئے گئے موبائل نمبر پر رابطہ کریں۔ المشتہر: اعجاز حسین خان ولد محمد شفیع خان ساکن ہورنہ میرہ پوٹھیر تحصیل راولاکوٹ ضلع پونچھ آزاد کشمیر۔ موبائل 0321-5532618

جانی بنوں بیف پلاؤ
لذیذ کھانوں کا واحد مرکز
فیملی کے لئے پردے کا انتظام موجود ہے
فری ہوم ڈیلیوری دستیاب ہے
ایک بار ضرور آزمائیں
پروپرائیٹر: کامران خان اینڈ سنز
0346-5919154 / 0336-8541491
بینک روڈ راولاکوٹ

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

البدر تکہ اینڈ کباب ہاؤس
کامران مارکیٹ مرغا گلی منگ روڈ راولاکوٹ
محمد حنیف
اینڈ
سجاد احمد
جشنِ عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو
مصطفیٰ کی آمد مرحبا
تمام اہل اسلام کو

مشکل کشا گیس اینڈ ریپئرنگ سینٹر
ہمارے ہاں گیس کے چولہے، گیزر، ہیٹر، کوکنگ رینج اور دیگر سامان دستیاب ہے نیز گیزر کے متعلقہ ہر قسم کی ریپئرنگ کا کام تسلی بخش کیا جاتا ہے۔ شادی ہال، ہوٹل وغیرہ کیلئے برنر فٹنگ بھی کی جاتی ہے
نزد جامع مسجد پرانا ہجیرہ اڈہ راولاکوٹ
0347-0599764
0312-5646840
پروپرائیٹر: نذر محمد
جشن عیدِ میلاد النبی ﷺ مبارک
سرکار کی آمد مرحبا
تمام اہل اسلام کو

نیلم:۔ صدر مسلم لیگ ن آزاد کشمیر شاہ غلام قادر، خواجہ بشیر احمد، انیس علی خواجہ کے ماموں، صحافی لعل دین کے بھائی خواجہ شوکت نذیر کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

پرفیکٹ ایجوکیٹر راولاکوٹ میں سائنس اینڈ آرٹس ایگزیبیشن کا انعقاد

ڈپٹی کمشنر پونچھ سید ممتاز کاظمی سمیت ماہرین تعلیم و دیگر مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی بھرپور شرکت

سائنسی فن پاروں کی تعریف، طلبہ کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے ادارہ کی جانب سے اقدامات کا بھی بھرپور خیر مقدم

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پرفیکٹ ایجوکیٹر میں سائنس اینڈ آرٹس ایگزیبیشن کا انعقاد مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر پونچھ ممتاز کاظمی اور ان کے ساتھ میں فریضہ بانو سابق اے ای او، مس فوزیہ حنیف پرنسپل زیلفو ول سکول سسٹم، نازیہ کوثر پرنسپل سرسید سکول اینڈ کالج، مس غلام شہناز پرنسپل گورنمنٹ گرلز کالج کھڑک، مس فوزیہ کیانی پروفیسر یونیورسٹی آف پونچھ، ڈاکٹر سائرہ یونیورسٹی آف پونچھ، ڈاکٹر افغان یونیورسٹی آف پونچھ سردار امریز یونیورسٹی آف پونچھ (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

ملک پاکستان میں کشمیری عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں، سردار الطاف خان

راولپنڈی اسلام آباد میں آئے روز کشمیری نوجوانوں کو دن دیہاڑے گولی مار کر قتل کر دیا جاتا ہے جو قابل افسوس امر ہے

گزشتہ چند برسوں میں 50 سے زائد کشمیری دہشت گردی کی بھینٹ چڑھ گئے ہیں، مرکزی رہنما مسلم لیگ ن کی گفتگو

امریکہ (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ نون کے مرکزی رہنما و سابق ڈسٹرکٹ کونسلر و سابق چیئرمین یونین کونسل تھوراڑ سردار الطاف حسین خان نے امریکہ سے ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ راولپنڈی اسلام آباد میں آئے روز کشمیر نوجوانوں (بقیہ 02 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد:۔ ڈگری کالج انوار شریف میں منعقدہ ایک تقریب سے پروفیسر نعیم عباسی، راجہ افتخار و دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں۔

پیپلز پارٹی کا حلقہ 5 کا ورکر کنونشن 29 ستمبر کو منعقد کیا جائے گا، دلاور بخاری

باہمی مشاورت سے حلقہ پانچ کی تنظیم تمام یونین کونسلوں اور وارڈز لیول تک تنظیم سازی کا عمل جلد مکمل کیا جائے گا

میزبان سردار زاہد شریف سابق امیدوار قانون ساز اسمبلی ہوں گے جبکہ سردار طاہر اکرم ایڈووکیٹ بھی شرکت کریں گے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی حلقہ پانچ راولاکوٹ کے سابق امیدوار قانون ساز اسمبلی سید دلاور بخاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ضلع پونچھ کے پانچوں حلقوں کی از سر نو تنظیم سازی کی جا رہی ہے۔ اس سلسلہ میں باہمی مشاورت اور تنظیم سازی کا طریقہ کار طے کرنے کے لئے حلقہ پانچ راولاکوٹ کا ورکر کنونشن مورخہ 29 ستمبر بروز اتوار 10 بجے دن پاچھیوٹ کے مقام پر طلب کیا گیا ہے۔ تاکہ پاکستان پیپلز پارٹی حلقہ پانچ کے کارکنوں سے باہمی مشاورت سے حلقہ پانچ کی تنظیم تمام یونین کونسلوں اور وارڈز لیول تک تنظیم سازی کی جا سکے۔ اور کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی پی وائی او اور پی (بقیہ 03 صفحہ 03 پر)

باغ:۔ گورنمنٹ گرلز انٹر کالج اجرہ میں سالانہ نتائج کی تقریب سے وزیر ہائیر ایجوکیشن ظفر اقبال ملک و دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں۔

برطانوی خاتون اول کو مہنگے کپڑے ملنے کی تحقیقات ہوں گی

وزیراعظم کیئر سٹارمر کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا، سنڈے ٹائمز کی رپورٹ

لندن (صباح نیوز) برطانوی برطانوی خاتون اول کو مہنگے کپڑے تحفے میں ملنے کی تحقیقات ہونے والی ہیں جس کے باعث وزیراعظم کیئر سٹارمر کو مشکلات کا سامنا ہے۔ کیئر سٹارمر کو ایک دولت مند کاروباری شخصیت کی طرف سے اہلیہ کو تحفے میں دیے گئے مہنگے کپڑوں کے حوالے سے معلومات ظاہر کرنے کے کیئر سٹارمر کو تحقیقات کا سامنا ہے۔ برطانوی اخبار سنڈے ٹائمز نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ لیبر پارٹی کو عطیات دینے والے کاروباری شخص وحید علی نے کیئر سٹارمر کی اہلیہ کی شاپنگ کے پیسے ادا کیے اور کپڑوں میں جو تبدیلیاں کروانا تھیں اس کا بھی خرچ اٹھایا۔ تاہم جولائی میں بطور وزیراعظم (بقیہ 04 صفحہ 03 پر)

سرینگر، ریٹائرڈ پرنسپل اور اہلیہ رہائش گاہ پر پراسرار حالت میں مردہ پائے گئے

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں جموں کے علاقے تالاب تلو میں ایک ریٹائرڈ پرنسپل اور ان کی اہلیہ اپنی رہائش گاہ پر پراسرار حالت میں مردہ پائے گئے۔ پرنسپل کی حیثیت سے ریٹائرڈ ہونے والے بھگت کمار چندیل اور ان (بقیہ 13 صفحہ 03 پر)

سنگولہ دھمنی بن بہک بائی بھیکھ میں سڑکوں کی خستہ حالی

18 ستمبر کو احتجاجی ریلی و مظاہرہ کا اعلان، عوام علاقہ سے شرکت کی اپیل

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سنگولہ دھمنی بن بہک بائی بھیکھ کے عوام علاقہ و ٹرانسپورٹرز نے کہا ہے کہ سڑکیں انتہائی خستہ حال اور ناقابل رفتار ہیں جس کے باعث آئے روز حادثات رونما ہو رہے ہیں اور گاڑیاں چلانا محال ہو گیا ہے اس لیے عوام علاقہ اور ٹرانسپورٹرز نے متفقہ طور پر مجبوراً مورخہ 16 ستمبر بروز سوموار سے پہیہ جام ہڑتال کا فیصلہ کیا ہے علاقائی مسائل کے حل اور سڑکوں کی خستہ حالی کے (بقیہ 10 صفحہ 03 پر)

عوام کی خدمت کا سفر جاری رکھیں گے، صاحبزادہ اشفاق ظفر

گزشتہ انتخابات میں پی ٹی آئی کا حصہ بننے کے لئے بھاری رقم کی آفر کی گئی

چناری (خصوصی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے مرکزی سینئر نائب صدر صاحبزادہ محمد اشفاق ظفر ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ گزشتہ عام انتخابات میں پی ٹی آئی میں شامل ہونے کے لیے مجھے پانچ کروڑ روپے، اہم وزارت دینے کی آفر کی گئی لیکن میں نے لوٹا بننے، والد مرحوم صاحبزادہ اسحاق ظفر کے راستے اور مشن کو چھوڑنے سے انکار کر دیا۔ ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے (بقیہ 09 صفحہ 03 پر)

تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال کھوئی رٹہ میں معذور افراد کی رجسٹریشن

صحت کی سہولیات عوامی دہلیز تک پہنچانا ترجیحات میں شامل ہے، ذمہ داران

کھوئی رٹہ (صباح نیوز) محکمہ صحت اور سماجی بہبود کے باہمی اشتراک سے وزیراعظم کے سوشل پروٹیکشن پروگرام کے تحت معذور افراد کی رجسٹریشن کیلئے درکار معذوری سرٹیفکیٹس کی سہولت عوام کی دہلیز تک پہنچانے کے لئے تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال کھوئی رٹہ میں خصوصی کیمپ لگایا گیا جہاں ڈی ایچ کیو سے سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی ٹیم نے سپیشل افراد کا طبی معائنہ کیا اور سرٹیفکیٹس دیے۔ ایم ایس (بقیہ 08 صفحہ 03 پر)

سپریم کورٹ، اگلے عدالتی ہفتے میں کیسز کی سماعت کے بینچ تشکیل

16 ستمبر کو جوڈیشل کمیشن کی سفارشات کو مسترد کرنے کے معاملے کی سماعت ہوگی

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ آف پاکستان میں کل (سوموار) سے شروع ہونے والے عدالتی ہفتے میں کیسز کی سماعت کے کل 9 بینچ تشکیل دے دیے گئے۔ تشکیل دیے گئے بینچز میں 8 ریگولر اور ایک خصوصی بینچ شامل ہیں۔ تشکیل دیے گئے بینچز میں 6 تین رکنی اور 3 دو رکنی بینچ شامل ہیں۔ 17 ستمبر بروز منگل 12 ربیع الاول کے موقع پر ملک بھر کی طرح سپریم کورٹ آف پاکستان میں بھی عام تعطیل ہوگی۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں جسٹس نعیم اختر افغان (بقیہ 07 صفحہ 03 پر)

راولپنڈی:۔ سردار شفیق احمد خان سی ایم ایچ میں سردار تیمور عباسی کی عیادت کر رہے ہیں۔

لیاقت بلوچ کی حافظ نعیم الرحمٰن سے ملاقات، تفصیلی تبادلہ خیال

جماعتِ اسلامی قومی اور عوامی مسائل پر جدوجہد جاری رکھے گی، لیاقت بلوچ

لاہور (صباح نیوز) نائب امیر جماعت اسلامی، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ نے منصورہ میں امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے ملاقات کی اور ملکی حالات، پارلیمنٹ میں بدنیتی پر مبنی قانون سازی، آئینی ترمیم کے متوقع اقدامات اور دھرنا کے بعد معاہدہ اور حکومت کی غیر سنجیدگی کے معاملات کے علاوہ ملک بھر خصوصاً بلوچستان، خیبر پختونخوا میں دہشت گردی اور حکومتی غلط اقدامات (سے ابتر صورتحال پر تبادلہ خیال ہوا۔ لیاقت بلوچ نے دارارقم سکولز کے تین سو پرنسپلز کے کنونشن سے (بقیہ 06 صفحہ 03 پر)

آئینی ترمیمی بل حکومت کے پاس موجود ہی نہیں ہے، بیرسٹر گوہر

خصوصی کمیٹی کا کوئی کام نہیں کہ اس بل پر بات کرے، میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر خان نے دعویٰ کیا ہے کہ اس وقت عدلیہ سے متعلق آئینی ترمیمی بل کسی کے پاس موجود نہیں ہے، یہاں تک کہ حکومت کے پاس بھی بل موجود نہیں۔ اتوار کو قومی اسمبلی کی خصوصی کمیٹی کے اجلاس کے بعد صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر خان نے کہا کہ کمیٹی میں جو بات ہوئی وہ تو نہیں بتا سکتے، وزیر قانون نے ہمیں کچھ بریف کیا ہے، لیکن اس کمیٹی کا کوئی کام نہیں کہ اس بل پر بات کرے۔ انہوں نے (بقیہ 14 صفحہ 03 پر)

پی ٹی آئی راولاکوٹ سٹی و حلقہ کا اجلاس، کارکنان کی گرفتاری پر مذمت

نائب صدر سٹی راولاکوٹ سردار ایاز اسحاق اور سابق سینئر نائب صدر سردار سعود افتخار کی گرفتاریوں کیخلاف تشویش

ہم اپنی پر امن جدوجہد جاری رکھیں گے، عہدیداران مشکل وقت میں پارٹی کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے، مقررین

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پاکستان تحریک انصاف راولاکوٹ کا نمائندہ اجلاس زیر صدارت حلقہ صدر و سٹی صدر منعقد ہوا جس میں تمام عہدیداران نے بھرپور شرکت کی اور متفقہ قرارداد کے ذریعے مطالبہ کیا کہ تمام بے گناہ کارکنان کو فی الفور رہا کیا جائے خصوصاً راولاکوٹ سے گرفتار نائب صدر سٹی راولاکوٹ سردار ایاز اسحاق اور سابق سینئر نائب صدر سردار سعود افتخار جو بے گناہ ہیں ان کی فوری رہائی عمل میں لائی جائے اس کے ساتھ تمام عہدیداران نے اس بات کا عزم کیا کہ بانی چیئرمین جناب عمران خان کی رہائی تک ہم اپنی پر امن جدوجہد جاری رکھیں گے تمام عہدیداران مشکل وقت میں پارٹی کے ساتھ چٹان (بقیہ 11 صفحہ 03 پر)

مقبوضہ کشمیر میں منظم جبر نے بھارت کی جمہوری ساکھ کی قلعی کھول دی

بھارت کی نام نہاد جمہوریت کی مقبوضہ جموں و کشمیر کی قتل گاہوں میں روزانہ موت ہو رہی ہے، تمام دعوے کھوکھلے

بھارت کا کشمیریوں کے حق خودارادیت سے مکمل انکار اس کی خودساختہ جمہوری دعوؤں کے منافی ہے، خصوصی رپورٹ

سری نگر (کے پی آئی) بھارت نے اپنی فوجی طاقت سے کشمیریوں کے حق خودارادیت کو سلب کر کے خود کو ایک جعلی جمہوریت ثابت کیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ کشمیریوں کی امنگوں کو دبانے سے جمہوری اقدار کے بھارت کے کھوکھلے دعوے بے نقاب ہوتے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارتی فوجی قبضے کے تحت کشمیریوں کی حالت زار سے بھارت کے جمہوری نظریات کی ناکامی ظاہر ہوتی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بھارت کا کشمیریوں کے حق خودارادیت سے انکار اس کی خود ساختہ جمہوری دعووں کے منافی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے قتل گاہوں میں بھارت کی نام نہاد (بقیہ 12 صفحہ 03 پر)

بھارتی فضائیہ کی خاتون افسر سے زیادتی کرنیوالے ونگ کمانڈر کی ضمانت منظور

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر کی ہائی کورٹ نے بھارتی فضائیہ کے ونگ کمانڈر کی خاتون سے زیادتی کے کیس میں ضمانت قبل از گرفتاری منظور کر لی۔ مقبوضہ کشمیر ہائی (بقیہ 15 صفحہ 03 پر)

سرینگر، پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت دو کشمیریوں کی قید کا حکم کالعدم

مقبوضہ جموں و کشمیر میں ہائی کورٹ نے نوجوانوں کی رہائی کا حکم بھی دے دیا

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں ہائی کورٹ نے کالے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت دو کشمیریوں کی غیر قانونی قید کا حکم کالعدم قرار دیتے ہوئے ان کی فوری رہائی کا حکم دیا ہے۔ جسٹس سنجے دھر پر مشتمل بنچ نے 27 اکتوبر 2022 کو شوپیاں کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی طرف سے غازی احمد بٹ کی نظر بندی کے احکامات کو کالعدم قرار دیا۔ عدالت نے عادل فیاض لون کی نظر بندی کو منسوخ کر دیا جن کو ضلع مجسٹریٹ شوپیاں کے 28 نومبر 2022 کے جاری کردہ حکم نامے پر نظر بند کیا (بقیہ 16 صفحہ 03 پر)

عباسپور، ٹریکٹر ٹرالی حادثے میں 18 سالہ نوجوان جاں بحق

حافظ سید حبیب اللہ شاہ گیلانی کی نعش ٹی ایچ کیو میں لائی گئی جہاں پوسٹ مارٹم کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کی گئی

نماز جنازہ میں عباس پور کی سیاسی سماجی مذہبی شخصیات کی شرکت، سپرد خاک کر دیا گیا، مختلف زعماء کی جانب سے اظہار افسوس

عباس پور عباس (صباح نیوز) عباس پور آزاد کشمیر میں ٹریکٹر ٹرالی کے حادثے میں 18 سالہ نوجوان حافظ سید حبیب اللہ شاہ گیلانی جاں بحق ہو گیا۔ حادثے کے بعد سید حبیب اللہ شاہ کی لاش عباس پور تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں لائی گئی (بقیہ 05 صفحہ 03 پر)

صحافی امجد عزیز اور صدر پریس کلب ارشد عزیزی کی والدہ کیلئے فاتحہ خوانی کی جا رہی ہے۔

باغ، سردار انور حسین خان کی اہلیہ انتقال کر گئیں

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیکرٹری پی اینڈ ڈی (ر) سردار انور حسین خان کی اہلیہ، اور ونگ کمانڈر احمد وقاص، انجینئر جہانزیب انور کی والدہ محترمہ کے انتقال پر اپوزیشن لیڈر (بقیہ 17 صفحہ 03 پر)

اسرائیل کا میزائل شکن نظام نا پائیدار

غزہ (صباح نیوز) اسرائیل کا میزائل شکن نظام نا پائیدار ثابت ہو رہا ہے قابض صیہونی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق، تل ابیب کے قریب ایک ریلوے اسٹیشن پر اس وقت افراتفری مچ گئی (بقیہ 18 صفحہ 03 پر)

کراچی کی نئی تعمیر شدہ سڑکوں کی تباہی کی تحقیقات کا مطالبہ

کراچی (صباح نیوز) اپوزیشن لیڈر کے ایم سی و نائب امیر جماعت اسلامی کراچی سیف الدین ایڈووکیٹ کا کہنا ہے کہ نئی تعمیر شدہ سڑکوں کی تباہی کی تحقیقات کی جائے (بقیہ 19 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد:۔ محکمہ شہری دفاع اور ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے زیر اہتمام لائف سیونگ پروگرام کے تحت طلبہ کو فرسٹ ایڈ ٹریننگ دی جا رہی ہے۔

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
For DAILY KASHMIR DHARTI
NEWS UPDATE
FOLLOW US ON
HD NEWS
YouTube Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

بقیہ 1

سردار عمران جاوید، سردار یونس سردار لیاقت سردار فاروق، سردار جاوید پرنسپل گرامر پبلک سکول، کونسلر سردار اورنگزیب سردار شفاعت انجم صاحب، میم ہائیر سیکنڈری گرلز کالج اور دیگر نے شرکت کی، مہمان خصوصی ودیگر نے بچوں کے سائنسی فن پاروں کی تعریف کی اور مزید کہا کہ ایسی نمائشوں سے بچوں کے اندر تخلیقی صلاحیتیں اجاگر ہوتی ہیں ان میں تحقیق اور تدوین کا عمل بڑھتا ہے وہ معاشرے کا سود مند فرد ثابت ہوتے ہیں، دنیا نے جتنی بھی ترقی کی وہ تحقیق کی میدانوں میں کی ہمیں اپنے ہاں ایسے تخلیقی بچوں کو جب صلاحیتوں کو ہم اجاگر کریں گے تو یہ مستقبل کے سائنس دان بنیں گے جو ہمارے معاشرے اور قوم کے لیے ایک عظیم مثال قائم کریں گے

بقیہ 2

کو دن دیہاڑے گولی مار کر قتل کر دیا جاتا ہے گزشتہ چند برسوں میں 50 سے زائد کشمیری دہشت گردی کی بھینٹ چڑھ گئے ہیں، منگ دھڑا کے دو معصوم نوجوانوں کو راولپنڈی میں پراسرار طور پر شدید تشدد کا نشانہ بنا کر گولی مار کر قتل کر دیا گیا، پولیس کی دہشت گردی قابل مذمت ہے لاقانونیت کی انتہا ہو گئی ہے، پاکستان میں کشمیری عوام عدم تحفظ کا شکار ہیں اور بیرون کشمیری جو اربوں روپے کا زرمبادلہ پاکستان میں بھیجتے ہیں انکے زرمبادلہ بھیجنے کا یہی رزلٹ دیا جاتا ہے کہ آئے روز کشمیریوں کے قتل و غارتگری پر شدید غم و غصے میں ہیں اور وہ اب سوچ رہے ہیں کہ وہ اپنا سرمایہ پاکستان کی بجائے کشمیر میں انویسٹ کریں چونکہ حالات کو اس نہج پر پہنچا دیا گیا ہے کہ کشمیری نوجوان علیحدگی کی تحریک کی طرف جا رہے ہیں اور کشمیریوں کے بزنس کا مین مرکز اسلام آباد اور راولپنڈی ہے لیکن اب وہ عدم تحفظ کی وجہ سے سوچنے پر مجبور ہو رہے ہیں کہ وہ اپنا کشمیر بینک قائم کریں جس میں وہ اپنا سرمایہ رکھنا چاہتے ہیں چونکہ راولپنڈی اسلام آباد لاہور اور پاکستان کے مختلف علاقوں میں کشمیریوں کا کئی سالوں سے قتل عام ہو رہا ہے کئی درجن افراد کو کلاشنکوف کی گولیوں کا نشانہ بن چکے ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں آج تک ایک بھی قاتل پکڑا نہیں جا سکا سردار الطاف نے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وزیراعظم پاکستان، وزیراعلیٰ پنجاب اور متعلقہ حلقے نوٹس لیں اور کشمیری عوام کو تحفظ فراہم کریں اور منگ دھڑا کے دو نوجوانوں کی پولیس کی تشدد اور فائرنگ سے قتل کی اعلیٰ سطحی انکوائری کروائی جائے کہ 18 سال اور 22 سال کے منگ دھڑا سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے میں بالخصوص متعلقہ حلقوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ کشمیریوں کو تحفظ فراہم کریں اور کشمیریوں کی آئے روز قتل و غارتگری کی فضا کے خاتمے کے لئے اپنا کردار ادا کریں اور کشمیر و پاکستان کے ساتھ پیدا ہونے والی دوریوں کی وجوہات کا تدارک کریں"

بقیہ 3

ایس ایف حلقہ پانچ کے تمام کارکنوں کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ 29 ستمبر کے ورکر کنونشن میں بھرپور شرکت کریں۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے میزبان سردار زاہد شریف سابق امیدوار قانون ساز اسمبلی ہوں گے۔ جبکہ سردار طاہر اکرم ایڈووکیٹ بھی شرکت کریں گے پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق ڈسٹرکٹ کونسلر اور وارڈ کونسلر ورکر کنونشن کے لئے بھرپور محنت کریں تاکہ ہم سب مل کر پاکستان پیپلز پارٹی کو حلقہ پانچ میں ناقابل تسخیر قوت بنا سکیں

بقیہ 4

منتخب ہونے والے کیئر سٹارمر نے اپنے اوپر لگنے والے تحائف ظاہر نہ کر کے پارلیمانی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے جس پر انہیں تحقیقات کا سامنا ہے۔ پارلیمان کی ویب سائٹ پر وزیراعظم کے رجسٹرڈ مالی معاملات کے حوالے سے تفصیلات موجود ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کیئر سٹارمر نے وحید علی سے کئی مرتبہ عطیات لیے جن میں عینک، کام پر جانے والے کپڑے اور رہائش بھی شامل ہے۔ سنڈے ٹائمز کا کہنا ہے کہ یہ تمام عطیات وزیراعظم نے ظاہر کیے ہیں تاہم اپنی اہلیہ کو دیے گئے کپڑوں کے حوالے سے معلومات سامنے نہیں لائے۔ وزیراعظم ہاؤس ٹین ڈاؤننگ سٹریٹ کے ترجمان نے بیان میں کہا ہے کہ کیئر سٹارمر اور ان کی ٹیم نے حکام کے ساتھ مشاورت کی تھی اور یقیناً اس پر عمل درآمد کیا ہوگا۔ ترجمان نے کہا کہ دو سال ماہ ہونے والی پوچھ گچھ کے دوران مزید اشیا کو ظاہر کیا گیا ہے۔ وحید علی برطانوی فیشن کمپنی اے ایس او ایس کے چیئرمین بھی رہ چکے ہیں۔ ہاؤس آف کامنز کے قواعد و ضوابط کے تحت اراکین پارلیمان کو اپنے مالی مفادات کے حوالے سے تمام معلومات فراہم کرنا ہوتی ہیں۔ اپوزیشن جماعت کنزرویٹو پارٹی کے ترجمان نے پارلیمانی قوانین کی سنگین خلاف ورزی پر مکمل تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 5

پوسٹ مارٹم کے بعد لاش ورثہ کے حوالے کر دی گئی نماز جنازہ میں عباس پور کی سیاسی سماجی مذہبی شخصیات کے علاوہ عوام علاقہ نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی ہر آنکھ اشکبار تھی

بقیہ 6

خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماہ ربیع الاول اہل ایمان اور پوری انسانیت کے لیے دائمی پیغام انقلاب ہے کہ تعلیم، تربیت، اخلاق، تقویٰ، بندگی رب، ظلم و جبر سے نجات اور امن و انصاف کا نظام اسوہ محمد ﷺ پر عمل سے ہی ممکن ہے۔ دنیا کو کسی نئے انقلاب کی نہیں، محمد ﷺ کے برپا کردہ عالمگیر انقلاب کی راہوں پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے۔ عالم اسلام اللہ کی نعمتوں اور انسانی صلاحیتوں سے مالا مال ہے لیکن قرآن و سنت کا دامن چھوڑ کر پوری امت رسوائی، تفرقوں اور تباہی سے دوچار ہے۔ ہر صدی رسول اللہ ﷺ کی صدی ہے۔ دنیا میں کہیں بھی کوئی بھی امن، ترقی اور انسانی محبتوں کی مضبوط بنیاد چاہتا ہے تو اسے اسوہ حسنہ کو سامنے رکھ کر کام کرنا ہوگا۔ تعلیمی ادارے نئی نسل کی تعلیم و تربیت کے لیے اسلامی اور قومی فرض پوری ذمہ داری سے ادا کریں۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ پارلیمنٹ، اسٹیبلشمنٹ، عدلیہ اور ریاستی ادارے ازسر نو بیٹے ٹکراؤ کی دہلیز پر کھڑے ہیں، غیر دانش مندی، ضد، انا، ہٹ دھرمی ملکی تباہی کا باعث بن رہی ہے۔ اسٹیبلشمنٹ اپنی طاقت و قوت کی وجہ سے سیاست، جمہوریت اور عوامی آزادیوں کو راستہ دینے کے لیے تیار نہیں۔ عدلیہ کی تقسیم، جانبدارانہ فیصلوں نے نئے بحران پیدا کر دیے ہیں۔ میثاق پارلیمنٹ کے لیے قائم کمیٹی ہوا کا ادھورا تازہ جھونکا ہے اور یہ کسی وقت بھی نئے سیاسی حبس کا شکار ہو سکتی ہے۔ سیاسی اقتصادی بحرانوں سے نجات کے لیے ضروری ہے کہ ملک کی اہم سیاسی دینی جماعتوں کی قیادت سیاسی انا کی اناجی دیواروں کو گرائیں اور آئین، جمہوریت، عدلیہ کی حفاظت اور اقتصادی بحرانوں سے نکلنے کے لیے قومی ترجیحات پر اتفاق کریں، وگرنہ یہ نوشتہ دیوار ہے کہ بڑھتی دہشت گردی، جمہوری حکومتوں کی رٹ کا خاتمہ، زرعی فصلات کا بحران اور عوام کا بجلی، گیس، پٹرول، ٹیکسوں کے بوجھ سے بڑھتی بغاوت کا لاوا پھٹے گا اور پھر کسی کے ہاتھ میں کچھ نہیں رہے گا۔ جماعت اسلامی قومی اور عوامی مسائل پر جدوجہد جاری رکھے گی۔ پارلیمنٹ ممبرز اس امر کو اچھی طرح جان لیں کی بدنیتی اور ریاستی طاقت سے قانون سازی، آئینی ترامیم ہمیشہ متنازعہ اور کالا قانون ہی ہوتی ہیں۔ پارلیمنٹ اندھے پن میں عدلیہ کے پر کاٹے گی تو کوئی پارلیمنٹ کی گردن کیوں نہیں کاٹے گا

بقیہ 7

اور جسٹس شاہد بلال حسن پر مشتمل 3 رکنی بنچ سوموار 16 ستمبر سے 20 ستمبر جمعہ کے روز تک کا اہم کیسز کی کی سماعت کرے گا۔ سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس سید منصور علی شاہ کی سربراہی میں جسٹس عائشہ اے ملک اور جسٹس عقیل احمد عباسی پر مشتمل 3 رکنی بنچ سوموار 16 ستمبر سے جمعہ 20 ستمبر تک کیسز کی سماعت کرے گا۔ جسٹس منیب اختر کی سربراہی میں جسٹس اطہر من اللہ پر مشتمل 2 رکنی سوموار 16 ستمبر سے جمعہ 20 ستمبر تک کیسز کی سماعت کرے گا۔ جسٹس یحییٰ خان آفریدی کی سربراہی میں جسٹس سید حسن اظہر رضوی اور جسٹس شاہد وحید پر مشتمل 3 رکنی بنچ سوموار 16 جون کو کیسز کی سماعت کرے گا۔ جسٹس یحییٰ خان آفریدی کی سربراہی میں جسٹس سید حسن اظہر رضوی پر مشتمل 2 رکنی بنچ 18 ستمبر بدھ سے 20 ستمبر جمعہ تک کیسز کی سماعت کرے گا۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس عرفان سعادت خان پر مشتمل 3 رکنی بنچ سوموار 16 ستمبر سے جمعہ 20 ستمبر تک کیسز کی سماعت کرے گا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس ملک شہزاد احمد خان پر مشتمل 3 رکنی بنچ سوموار 16 ستمبر سے جمعہ 20 ستمبر تک کیسز کی سماعت کرے گا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں جسٹس عائشہ اے ملک اور جسٹس اطہر من اللہ پر مشتمل 3 رکنی خصوصی بنچ سوموار 16 ستمبر کو دن 12 بجے محمد طارق آفریدی کی جانب سے سیکرٹری وزارت قانون و انصاف، پاک سیکرٹریٹ، اسلام آباد اور دیگر کے توسط سے وفاق پاکستان کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کرے گا۔ درخواست میں پارلیمانی کمیٹی کی جانب سے جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کی سفارشات کو مسترد کرنے کے معاملہ کو چیلنج کیا گیا ہے۔ درخواست گزار کی جانب سے قاضی محمد انور، حامد خان ایڈووکیٹ اور سید امجد علی شاہ ایڈووکیٹ پیش ہوں گے جبکہ وفاقی حکومت کی جانب سے اٹارنی جنرل بیرسٹر منصور عثمان اعوان پیش کر دلائل دیں گے۔ جبکہ سپریم کورٹ کے ایک اپیل بنچ جسٹس سردار طارق مسعود کی سربراہی میں ایک اپیل بنچ جسٹس مظہر عالم خان میاں خیل پر مشتمل 2 رکنی بنچ سوموار 16 ستمبر سے جمعہ 20 ستمبر تک فوجداری اور دیوانی مقدمات کی سماعت کرے گا۔

بقیہ 8

ڈی ایچ کیو ڈاکٹر نصر اللہ اور ڈی ایچ او ڈاکٹر شفقت شاہ بھی کیمپ میں موجود رہے اور سارے عمل کی نگرانی کرتے رہے۔ اس موقع پر ڈی ایم ایس ڈاکٹر نصر اللہ اور ڈی ایچ او سید شفقت شاہ نے کہا کہ یہ کیمپ وزیر صحت ڈاکٹر نثار الحق ابدالی کی خصوصی ہدایت پر لگایا گیا جس سے سیکڑوں درخواست گزار مستفید ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کی سہولیات عوام کی دہلیز تک پہنچانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 9

سینئر رہنما، سابق چیئرمین معائنہ وشفعہ درمحسن آزاد کشمیر صاحبزادہ اشفاق ظفر ایڈووکیٹ نے ممبر ضلع کونسل جہلم ویلی ساجد ہمدانی، چوہدری حمید، چیئرمین یونین کونسل سینا دامن سردار جہانگیر، چوہدری مسعود انقلابی، ڈاکٹر فیاض چوہدری، چوہدری عباس، صدر پی وائی او جہلم ویلی راشد مغل، راشد طاہر، چوہدری شکور، چوہدری اکبر، چوہدری شاہد اکبر، چوہدری محمد معروف، چوہدری خالد زمان دیگر کے ہمراہ پیپلز پارٹی کے کارکنان کی جانب سے لاکھوں روپے مالیت سے اپنی مدد آپ کے تحت بنائی گئی دامن تا ذوبہ تک روڈ اور دامن گراؤنڈ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مسلم لیگ (ن) اور پی ٹی آئی سے تعلق رکھنے والے چوہدری محمد دین پنچ، چوہدری وحید احمد، صوبیدار (ر) خورشید، اعجاز، سرور طیب الیاس، مقبول احمد اپنے درجنوں ساتھیوں سمیت مسلم لیگ ن اور پی ٹی آئی کو چھوڑ کر پیپلز پارٹی میں شامل ہوئے، اس سے قبل جب پیپلز پارٹی کے رہنما صاحبزادہ اشفاق ظفر ایڈووکیٹ سینا بازار پہنچے تو چیئرمین یونین کونسل سینا دامن چوہدری جہانگیر کی قیادت میں پیپلز پارٹی کے کارکنان نے ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے زبردست استقبال کیا، سینا دامن کی فضا ذوالفقار علی بھٹو، بے نظیر بھٹو، آصف علی زرداری، بلاول بھٹو زرداری، فریال تالپور، چوہدری یاسین، چوہدری لطیف اکبر، پیپلز پارٹی اور جیے ظفر کے نعروں سے گونج اٹھی۔ اشفاق ظفر نے مزید کہا کہ راستہ اور گراؤنڈ اپنی مدد آپ کے تحت بنانے والوں کے جذبہ کو سلام پیش کرتا ہوں، یہ دھرتی کرنل صوفی محمد، سردار اسرائیل، سردار ہدایت اللہ، علم کے بادشاہ مولانا محمد الیاس، امیر اللہ، حاجی یعقوب، سیاست کے بادشاہ صاحبزادہ اخلاق ظفر، حافظ لقمان، اسحاق طاہر سمیت ہم سب کی دھرتی ہے اس دھرتی کا قرض ہے ہم سب کے کندھوں پر اللہ تعالیٰ ہمیں موقع عطا کرے کہ ہم اس قرض کو اتاریں، ہم نے چیئرمین ضلع کونسل منتخب کرنے کے لیے دیوان چغتائی کے امیدوار کو صرف اس لیے ووٹ دیا تھا کہ سینا دامن ہائی سکول کو ہائیر سیکنڈری سکول اور دامن مڈل سکول کا وعدہ دیوان چغتائی نے ہم سے کیا تھا امید ہے کہ وزیر تعلیم جب بھی سکولوں کی اپگریڈیشن کریں کہ ہم سے کیا گیا وعدہ ضرور پورا کریں گے، ورنہ ان سے ووٹ کا حساب لیں گے، میں اچھا ہوں یا برا ہوں آپ کی عزت ہوں، میرے گھر کے دروازے 24 گھنٹے عوام اور کارکنان کے لیے کھلے ہیں پیپلز پارٹی تمام برادریوں کا خوبصورت گلدستہ ہے، پیپلز پارٹی میں شامل ہونے والوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں انہیں کبھی بھی مایوس نہیں کروں گا سکول اور ڈسپنسری کے خلاف سمیت دیگر ایشوز کے حل کے لیے متعلقہ لوگوں سے بات کروں گا اگر کبھی سیدھی طرح نہ نکلا تو مجھے دوسرا طریقہ بھی آتا ہے میں اللہ کے علاوہ کسی سے ڈرتا نہیں میں سکیم خور یا کرپٹ نہیں ہوں کہ میری آنکھیں کسی کے سامنے جھکیں گی میں نے 2016ء سے لیکر آج تک لوکل گورنمنٹ کی سکیموں کا ریکارڈ حاصل کر لیا جلد ان کی فہرست بنا کر پراجیکٹ لیڈروں اور منصوبوں کا نام پبلک کریں گے پھر کارکنان اور عوام کی ذمہ داری ہے کہ وہ بتائیں کہ ان کے علاقہ میں وہ سکیمیں لگی ہیں یا نہیں لگی، جس جگہ سکیم نہیں لگی ہوگی ان کے خلاف احتساب بیورو میں جا کر عوامی دولت واپس کراؤں گا ایم ایل اے فنڈ زعوام کا پیسہ ہے کسی کو ہڑپ نہیں کرنے دوں گا، فاروق حیدر نے وزیراعظم بن کر بھی حلقہ اور ضلع کے لیے کچھ نہیں کیا، مجھے ووٹ دینے والوں سے رعونہ فاروق حیدر خان نے ہمیشہ انتقام لیا، میری گردن کٹ جائے لیکن میں حلقہ کے عوام کی تذلیل اور رسوائی برداشت نہیں کروں گا، تمام کارکنان میرے لیے چاند اور ستاروں کی مانند ہیں موقع ملا تو بھی مایوس نہیں کروں گا، میرا بدترین مخالف بھی میرے لیے صاحب عزت ہے۔

بقیہ 10

خلاف مورخہ 18 ستمبر کو نالہ بازار سے پریس کلب تک احتجاجی ریلی نکالی جائے گی اور پریس کلب پہنچ کر احتجاجی مظاہرہ کیا جائے گا، عوام سے عاجزانہ اپیل ہے کہ اس جدوجہد میں ہمارے ساتھ تعاون کریں ہم آپ کے شکر گزار ہوں گے۔

بقیہ 11

ی طرح تحریک انصاف اور ہم صدر پاکستان تحریک انصاف آزاد کشمیر جناب سردار عبدالقیوم نیازی کو بھی حالیہ کامیاب دورہ برطانیہ مکمل کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر سابق امیدوار اسمبلی و صدر تحریک انصاف ضلع پونچھ سردار خطاب اعظم کے والد محترم کے انتقال پر دعا کی گئی، اور ڈویژنل جنرل سیکرٹری حنیف اعوان صاحب کی صحتیابی کے لیے بھی خصوصی دعا کی گئی